ن-و 166

صلی اللہ علی حبیبہ
محمد و آلہ وسلم



ن-و
166
ذخیرہ

فضائل
درود شریف پر
مشتمل
ایک نایاب
کتاب

# خزانۂ آخرت

پیش کردہ:- چوہدری برکت علی

دار العلوم امینیہ رضویہ محمد پورہ فیصل آباد

Marfat.com

59677

Marfat.com

1748



# تصنیفات

حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب مہتمم دار العلوم جامعہ امینیہ رضویہ فیصل آباد

- آبِ کوثر
- اقوال الاکابر
- راہِ نجات
- ردِّ شمس
- جنّتی گروہ
- طلاقِ ثلاثہ
- دعوتِ غور و فکر
- سعی السعید
- بائیکاٹ کا شرعی ثبوت
- داڑھی کی اہمیّت (پوسٹر)
- امام الانبیاء کی نماز (پوسٹر)
- اوقاتِ نماز (پوسٹر)

Marfat.com

# اسلامی علوم کی معیاری درسگاہ

محمد پورہ * شیخ کالونی ـ فیصل آباد میں

# دار العلوم جامعہ امینیہ رضویہ

جہاں علوم اسلامیہ کے ساتھ ساتھ طلباء کو

| | |
|---|---|
| مڈل | میٹرک |
| ایف اے | بی اے |

فاضل عربی

کے امتحانات کی تیاری بھی کرائی جاتی ہے

پاکیزہ ماحول * ماہر اور قابل اساتذہ


Marfat.com

1748

# اِنتساب

جناب رسالت مآب حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق صادق سردار الواصلین و خیر التابعین و عارف اوّلین اویس قرنی رضی اللہ عنہ قطب ربّانی غوثِ صمدانی مرشد لاثانی محبوب سبحانی عرفان ولایت شیخ عبد القادر جیلانی رح مجسمۂ حُسن و مجموعۂ اوصاف محبوب الٰہی سلطان المشائخ نظام الدین اولیاؒ۔ اور تاجدار اولیا۔ شہید محبت عاشق خالق بے نیاز سیّد عثمان قلندر لعل شہباز مروندی رح داتا گنج بخش علی ہجویری رحمہم اللہ تعالیٰ کے نام یہ کتابچہ منسوب کر رہا ہوں جو عاشق تھے۔ اور عشق جانتے تھے۔ عشق اُن کا وہ عشق کے ساتھ ساتھ مقام پیدا کر گئے۔

Marfat.com

# یَا اللّٰہ

ہم کو اپنے قرب کا مزہ چکھا اور اپنے اُنس کی شراب پلا۔ اپنے احکام قضا و قدرت میں ہم پر رحم فرما۔ ہماری زندگی اپنی فرمانبرداری میں صرف کر اور ہم کو فرمانبرداروں کے ساتھ اٹھا۔

یا رحیم و کریم معافی مغفرت پردہ پوشی اور درگزر فرما۔

ہمارے ہاتھوں اور زبانوں پر نیکیاں جاری فرما۔

اے قادر کریم۔ اے غفور الرحیم ہم کو اپنے ساتھ مشغول کر کے سب سے بے نیاز کر دے۔

کاش میری اور تیری محبّت سدا سلامت رہے۔ اور دُنیا بھر کا تعلق ختم ہو جائے۔

# اے مالکِ حقیقی

مخلوق سے بے نیاز اور اپنا محتاج بنا۔ اور آخرت میں اپنی

Marfat.com

حضوری نصیب فرما۔ اپنے قُرب کی لذت اور دیدار کا سُرور بخش۔ ہم دنیا و آخرت کے معاملے میں اخلاص مانگتے ہیں۔ وہ دے ہم کو بدعات سے دُور رکھ۔ اپنی محبّت دے اور غیروں سے وحشت عطا فرما۔ ہمکو امانت کی توفیق دے اور تقدیر کی موافقت عطا فرما۔

یا مجیب کر دُعا میری قبول
دین و دُنیا میں نہ کر مجھ کو ملول

Marfat.com

# دیباچہ

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے قرآن شریف میں بہت احکامات فرمائے ہیں۔ نماز۔ حج۔ زکوٰۃ۔ روزہ۔ یتیموں کی پرورش۔ صبر کی تلقین وغیرہ لیکن کسی حکم میں یہ نہیں فرمایا کہ میں بھی یہ کام کرتا ہوں اور تم بھی کرو۔

حضرت آدم علیہ السلام کو یہ اعزاز بخشا کہ فرشتوں کو حکم ہوا کہ سجدہ کرو۔ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کو یہ اعزاز بخشا کہ ان کی جائے سکونت کو حج کا مرکز بنایا۔ لیکن یہ اعزاز صرف سرکار دو عالم محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بخشا اور واضح طور پر اپنے کلام پاک میں حکم دیا کہ

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ
سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط

درحقیقت لاعلاج مرض کا سو فیصدی کامیاب علاج

Marfat.com

درود شریف ہے۔

معلوم ہو کہ حق تعالیٰ نے دریاؤں اور سمندروں کی تہہ میں بڑی بڑی نعمتیں اور دولتیں پوشیدہ رکھی ہیں۔ غوطہ مارنے والے ان قیمتی چیزوں کو حاصل کر لیتے ہیں۔ چنانچہ سچے موتی کی سیپ کو دیکھئے کہ دریا میں غوطہ مارنے والے سچے موتی کی سیپ کا ڈھیر لگا دیتے ہیں۔ پھر جب کہ سیپ سے سچے موتی برآمد ہوتے ہیں تو بادشاہوں کے تاج میں لگائے جاتے ہیں۔ اور بادشاہ اسکو سر پر پہنتے ہیں۔ یہ کتنا بڑا اعزاز ہے۔

اب درود خوان جب درود شریف کو پڑھتا ہے۔ تب وہ تین قسم کے دریاؤں میں غوطہ لگاتا ہے۔ یعنی ایک نورِ توحید کا دریا۔ دوسرا نورِ نبوت کا دریا۔ اور تیسرا نورِ ولایت کا دریا جب اَللّٰھُمَّ بندے نے کہا تو رب تعالیٰ کے تمام اسمائے حسنیٰ کی فضیلت کو پالیا اور تمام فضائل کو حاصل کرلیا۔

صرف درود شریف کا پہلا حرف یعنی فقط اَللّٰھُمَّ جب کسی نے کہا۔ تو اللہ کے تمام اسمائے حسنیٰ کی تلاوت ہوگئی۔

Marfat.com

سبحان اللہ کیا بابرکت لفظ ہے۔ جس میں توحید کا نور۔ اسم ذات کا نور اور اسم صفات کے انوار چمک رہے ہیں۔ یہ رحمت الٰہی کا ایسا بے کنار سمندر ہے کہ اس میں غوطہ مارنے والوں کو دونوں عالم میں نہال کر دیتا ہے۔ نہ فقط یہ بلکہ وہ مزا چکھا دیتا ہے۔ جس کے بعد ان کے ہوش و حواس اس دُنیا میں سرے سے بدل جاتے ہیں۔

دیکھی درود شریف پڑھنے والوں کی شان پہلے انہوں نے اَللّٰھُمَّ پڑھتے ہوئے نورِ توحید کے دریا میں غوطہ لگا کر ذاکرین کا مرتبہ پایا کہ درود خواں رُتبہ، ذکرِ الٰہی اور مرتبہ تعمیلِ سنت حضرت سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچ گیا۔

جب درود خواں یہ الفاظ کہتا ہے صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ تو یاد رکھیئے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے نور رسالت اور فضیلت میں غوطہ کھایا ہے یہ غوطہ لاجواب ترین اور سب سے زیادہ سلامتی والا ہے۔ اس میں غوطہ لگانے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رحمتِ الٰہی اور برکت ڈھانپ لیتی ہے قلب منوّر ہو جاتا ہے اور دل و دماغ

Marfat.com

میں عجیب خوشبو پیدا ہو جاتی ہے۔

خدا تعالیٰ نے صاف الفاظ میں فرمایا ہے کہ جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ دُرود پڑھے تو اللہ کے فرشتے اس آدمی پر رحمت نازل فرماتے ہیں۔ اسی لئے جب آدمی عَلیٰ اٰلِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ کہتا ہے تو فضل و کرم اور کرامت کے دریا میں غوطہ لگاتا ہے اور پاک و صاف ہو جاتا ہے۔ (سبحان اللہ) اب درود خواں نے نیا لباس پہن لیا۔ جس کو نورانی لباس کہتے ہیں۔ جو آسانی سے مّیسر نہیں آتا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلیٰ اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

دنیا کے تختہ پر دُرود شریف جیسی کوئی نعمت نہ پیدا ہوئی ہے نہ ہو گی۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود شریف پڑھنے میں جو فوائد ہیں اُن کو اس کتابچہ میں باریک بینی سے ملاحظہ فرمائیں اور خود فیصلہ کریں کہ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم پر کتنی کثرت سے ہم لوگوں کو درود شریف پڑھنا چاہیئے۔

Marfat.com

اللہ تعالےٰ ہم سب کو درود شریف اور عشق رسول میں محو کر دے۔ (آمین)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

---

# صرف ایک نکتہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ کم از کم ہر جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو کم از کم ایک بار ساری کتاب کے سب درود شریف کم از کم ایک مرتبہ زائد پڑھ لے۔

اگر یہ ممکن نہیں تو مہینے میں ایک بار۔ اگر یہ بھی ممکن نہیں تو سال میں ایک بار۔

Marfat.com

# اگر

یہ بھی ممکن نہیں تو عمر بھر میں ایک بار اس ساری کتاب کے
سب کے سب درود شریف ضرور پڑھ لے۔ اس کے شفیع
حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روز محشر میں ہوں گے
اور اس کو قیامت کے خطرات کا کوئی ڈر نہیں۔

(با شریعت ہونا چاہیئے)

سفر سعودی عرب کا جب ہو عبدل آخری بار
تو خاتمہ بالخیر ہو میرا مدینہ کے پار

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا ط

فرمایا اللہ غالب اللہ بزرگ و برتر نے کہ تحقیق اللہ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اوپر نبیؐ کے۔ اے ایمان والو! درود وسلام بھیجو اُن کے اُوپر۔

اللہ تعالیٰ نے یہ خاص حکم اپنی خاص کتاب قرآن پاک میں اپنے خاص بندوں کو دیا ہے۔ خاص بندوں سے مراد حضور سرورِ کائنات حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت ہے — اللہ تعالیٰ نے اپنے آپ کو شامل کر کے حکم فرمایا۔ کہ جب خدا اور اس کے فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں تو اے ایمان والو تم بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اِنَّ

Marfat.com

اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً ۔

فرمایا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سب سے اچھّا آدمی میرے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ دُرود بھیجتا ہے میرے اوپر ۔

جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ درود پڑھا اُس نے گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت خرید لی اور دین و دنیا کا سب سے بڑا سرمایہ دار آدمی بن گیا۔ تحقیق اس کو سب کچھ مل گیا۔ جو اس کے لئے ناممکن تھا ۔

---

# تصدیق

ترمذی شریف میں ہے کہ ابن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دعا میں آپکے لیئے کتنا وقت درود شریف کے لئے مقرر کروں ۔ آپؐ نے فرمایا جو تم چاہو۔ عرض کیا۔ "چوتھائی" فرمایا اگر زیادہ کرو تو تمہارے لئے

Marfat.com

بہتری ہے۔ مَیں نے پھر عرض کیا کہ آدھا حصّہ مقرر کروں۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زیادہ کرو تو بہتری ہے۔ مَیں نے عرض کیا ساری دعائیں درود شریف پڑھتا رہوں یعنی کل وقت درود کے لئے وقف کر دوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر ایسا کرو گے تو اللہ تعالےٰ تیری دنیا اور آخرت میں کام آئے گا اور سارے گناہ بخش دے گا۔

درود کی دولت ہوئی جس کو عطا
دین و دنیا میں اسے سب کچھ ملا
بلا مرشد ہوا ہر طرح اس کا بھلا
رب کے محبوب سے بے تکلّف جا ملا

Marfat.com

# اللہ تعالیٰ کا فیصلہ

حق تعالیٰ فرماتے ہیں :-

وَ رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

یعنی بلند کیا ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر

امام علامہ قاضی عیاض رح تفسیر فرماتے ہیں۔ کہ حق تبارک و تعالےٰ اپنے حبیب احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے تمہیں اپنی یاد میں سے ایک یاد کیا جو تمہارا ذکر کرے اس نے میرا ذکر کیا۔ اس کا صاف اور آسان مطلب یہ ہے کہ جس نے حضور پُر نور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ پڑھی یعنی درود پڑھا۔ تو اس نے بتحقیق اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا نہ فقط ذکر بلکہ عالی شان ذکر کیا۔

Marfat.com

# رحمت میں غوطہ

حضرت مولانا شاہ عبدالحق صاحب محدّث دہلوی فرماتے ہیں کہ درود پڑھنے والو یاد رکھو تم دریائے رحمت کے تیراک ہو۔

جب اَللّٰھُمَّ صَلِّ کہا تو کرم خداوندی کے دریاؤں میں تم غوطہ زن ہوئے۔

جب عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ کے الفاظ زبان پر آئے تو تم دریائے رسالت کی موجوں میں آگئے۔ جس وقت عَلٰی اٰلِہٖ کہا تو اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بخششوں کے دریاؤں میں لہریں لے رہے ہو۔

اے صحرائے معصیت میں پیاسے بھٹکنے والو! کس طرح یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ایسے ایسے نورانی دریاؤں سے جن سے تمناؤں کی کھیتیاں سرسبز و شاداب ہوتی ہیں۔ گلشن ایمان ہرا بھرا لہلہاتا ہے۔ قلب و جگر دل و دماغ کو سرور و فرحت حاصل ہوتی ہے۔ روح ایماں کو تر و تازگی ملتی ہے۔ تم تشنہ کام اور نامراد پھرو۔

Marfat.com

جلدی سے پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

## ذکرِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

درود شریف یعنی صلوٰۃ شریف حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے۔ جو ذکرِ الٰہی سے جدا نہیں بلکہ سو فیصدی ذکرِ الٰہی ہے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا اللہ کا ذکر اور اللہ کی یاد ہے۔ نہ صرف اتنا بلکہ فعلِ الٰہی ہے۔ کیونکہ خدا خود حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر صلوٰۃ پڑھ رہا ہے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ۲۲ ویں پارہ سورۃ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

اللہ اور اُس کے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے مومنو

Marfat.com

تم بھی اُن پر درود وسلام بھیجو۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس کے دل میں محبت نہیں۔ محبت کو پیدا کرنے والا سب سے اکسیر نسخہ درود شریف ہے۔ سب سے بڑا فائدہ درود شریف کا یہ ہے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں پیدا ہوتی ہے اور یہ محبت اللہ تعالیٰ تک بجلی کی طرح پہنچا دیتی ہے۔

مشائخ کرام فرماتے ہیں۔ اور اس ناچیز کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ اگر مرید کو پیر کامل نہ مل سکے تو درود شریف کی کثرت کرے۔ یہ خدا تک جلد از جلد پہنچانے کو کافی ہے۔

---

## فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ اُس پر اللہ کے فرشتے دُرود بھیجتے ہیں۔ جس پر اللہ کے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ اس پر خود اللہ تعالیٰ درود بھیجتا ہے۔ اور جس پر اللہ تعالیٰ درود بھیجتا ہے۔ اُس

Marfat.com

پر ساتوں زمینوں اور آسمانوں کی ہر چیز چرند، پرند، شجر حجر دُعا کرتے ہیں۔

---

## فرمایا حضرتِ ابُوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ نے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتا ہے۔ جیسے ٹھنڈا پانی بھڑکتی ہوئی آگ کو۔

(اصفحانی۔ شفا شریف)

درمختار میں اصفحانیؒ روایت کرتے ہیں کہ حضور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مجھ پر صرف ایک بار درود بھیجتا ہے وہ قبول ہو جائے تو اللہ تبارک و تعالےٰ اس آدمی کے اسّی برس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔

دلائل الخیرات جو درود شریف کی جامع کتاب ہے۔

اس میں لکھا ہے کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے کوئی کتاب لکھ کر مجھ پر درود بھیجا (یعنی درود کتاب میں لکھا) تو جب تک اس کتاب میں میرا نام رہے گا خدا کے فرشتے اُس

Marfat.com

آدمی پر درود بھیجنے میں مشغول رہیں گے اور اس کی مغفرت ونجات کی دعا کرتے رہیں گے۔

ہو گی جو کوثر پہ باریابی اے آقائے مدنی
پیر چُوموں گا پہلے، پھر پیوں گا وہ پانی

---

# ایک درُود

علامہ سخاوی بعض تواریخ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص بہت گنہگار تھا۔ جب وہ مرگیا تو لوگوں نے اسکو زمین پر پھینک دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر وحی بھیجی کہ اِس شخص کو غسل دے کر خود نماز جنازہ پڑھیں۔ اس شخص کو معاف کر دیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا۔ اے خدا تعالیٰ کیسے معاف کر دیا۔ خداوند قدوس نے فرمایا اس شخص نے ایک رات توریت میں میرے آخری نبیؐ محمد مصطفےٰ کا نام دیکھا تو اُس نے

59677

Marfat.com

تعظیماً اُن پر درود پڑھا۔ میں نے اس وجہ سے مغفرت کر دی سبحان اللہ ایک درود کی وجہ سے رب تعالےٰ نے سخت گنہگار کو فوراً ہی معاف کر دیا۔ اگر امت محمدی کے فرد ہر روز ایک بار بھی درود پڑھیں، تو باری تعالیٰ ان کو کتنا ثواب دے گا۔

---

# ابو سلیمان کا فلسفہ

حضرت ابو سلیمان فرماتے ہیں کہ جو کوئی چاہے کہ اس کی حاجتیں پوری ہوں تو دعا میں زیادہ سے زیادہ درود شریف حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھے۔ دعا یا حاجت مانگنے سے پہلے درود پڑھے۔ آخر میں بھی درود پڑھے۔ اللہ تعالےٰ درود کو فوراً قبول کرتا ہے اور جب اوّل و آخر میں درود ہے، جس کو قبول فرمائے گا تو بیچ کا حصہ یعنی حاجت کی دُعا ضرور قبول فرمائے گا۔ اس طرح کام ہو جائیگا۔

---

Marfat.com

# ایک عجیب راز ایک عجیب حقیقت

یہ واقعہ ایک ایسی حقیقت ہے۔ جس کو آنکھوں نے دیکھا ہے اور دل و دماغ نے سمجھا اور بس کچھ کہنے سننے کی ہمت باقی نہیں ہے۔

ایک فنا قلبی کے مرتبہ پر پہنچنے والے بزرگ (نام ظاہر کرنے کا حق نہیں) ایک روز نماز عشاء کی نماز کے بعد اپنے رہبر کامل کے پاس حاضر ہوئے۔ اور بزرگ کو دیکھتے ہی چیخ چیخ کر نعرۃ اللہ اکبر لگا کر بے ہوش ہو گئے۔ آخر دو گھنٹہ کے بعد جب ہوش آیا تو تحقیق کی گئی کہ بھائی یہ کیا بات تھی؟ جس نے تم کو پاگل بنا دیا؟ آخر حقیقت کیا ہے؟ اس بزرگ نے کہا کیا عرض کروں۔ سینکڑوں چاند اور سورج ہیں۔ کہ جو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر معطّر اور منوّر سے نکل کر حضرت مرشد کامل کے نورانی دل میں پے در پے سما رہے ہیں جس کی روشنیوں اور تجلّیوں کی تاب مجھ میں نہ رہی اور میں بے اختیاریہ چیخ اٹھا۔ ایک محرم راز نے اس مرشد

Marfat.com

سے پوچھا کہ حضور یہ جو آپ کے مرید نے سورج اور چاند دیکھے یہ کیا تھے؟ اتنے سورج اور چاند کہاں سے آئے؟ بزرگ کامل نے آہستہ سے فرمایا کہ اس وقت میں حضورِ دل سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھ رہا تھا۔ چونکہ یہ خادم اپنے دل کے آئینے کا ذکر قلبی اور ذکر خفی سے پوری صفائی کر چکا تھا۔ لہٰذا میرے دل کا عکس اس کے دِل کے آئینہ میں چمک اٹھا۔ یہ سب دُرود شریف کی برکتیں ہیں۔

حاصل مطلب یہ کہ درود شریف چاند اور سورج کی صورت میں ان کو دیکھنے میں آئے۔ حالانکہ چاند اور سورج بھی کیا ہیں۔ درود شریف ان سے بڑھ کر ہے۔ اس لئے کہ فعلِ الٰہی ہے۔ خود خداوند تعالیٰ اس کا عامِل ہے۔ سُبحان اللہ تعالے

Marfat.com

# مشرق و مغرب کا فرشتہ

دلائل الخیرات میں ایک لاجواب حقیقت درج ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے میرے اوپر بسبب تعظیم درود بھیجا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے ایک ایسا فرشتہ پیدا کرتا ہے جس کا ایک بازو مشرق میں اور دوسرا بازو مغرب میں اور پاؤں اس کے ساتوں زمینوں کے بیچ میں ہوتے ہیں۔ اور گردن اس کی عرش سے لگی رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس فرشتے سے فرماتا ہے۔ اے فرشتے درود بھیج اس بندے کے اوپر جس نے جس طرح درود بھیجا تعظیم کے لئے میرے نبی پر۔ پس وہ فرشتہ قیامت تک اس آدمی پر درود بھیجتا رہتا ہے۔ (سبحان اللہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

Marfat.com

# ہر کام میں مدد

شیخ المشائخ شبلی نور اللہ مرقدہ سے نقل کیا گیا ہے کہ میرے پڑوس میں ایک آدمی مرگیا۔ میں نے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ کیا گزری اُس شخص نے کہا کہ میرے اوپر سخت سے سخت اور عجیب و غریب پریشانیاں گذریں۔ جب فرشتوں نے منکر نکیروں کے جوابات مکمل نہ دینے پر مجھ پر عذاب ڈالنے کا ارادہ کیا۔ تو ایک نہایت حسین و جمیل شخص میرے اور ان کے درمیان حائل ہوگیا۔ اُس حسین شخص سے اعلٰے درجہ کی خوشبو آرہی تھی۔ اُس نے فرشتوں کو میری طرف سے جوابات بتائے اور میں بچ گیا۔ میں نے اُس کو عرض کیا کہ آپ کون ہیں جو اس مصیبت میں میرے کام آئے۔ تو اُس نے کہا کہ میں تیرے کثرتِ درود سے پیدا کیا گیا ہوں۔ مجھ کو حکم ہے کہ ہر مصیبت میں تیرا ساتھ دُوں اور مدد کروں۔ سبحان اللہ درود شریف کیسی عجیب مدد ہے۔

Marfat.com

## سرورِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا ہے کہ جس پر کوئی مصیبت آئے۔ یا کوئی حاجت ہو اس کو چاہیئے کہ کثرت سے مجھ پر درود پڑھے۔ کیونکہ زیادہ درود رنج و غم کو دور کرتا ہے اور رزق کو زیادہ کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

## چارسو حج

### خزانہ — خزانہ — خزانہ

حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ فضائل حج وجہاد بیان فرمائے کہ جو حج کرکے جہاد کو جائے۔ ایک جہاد کا ثواب (۴۰۰) چارسو حج کے برابر پائے گا۔ وہ لوگ جن میں جہاد کرنے کی طاقت نہیں رہی۔ اس بات کو سُن کر ملول اور شکستہ دل

Marfat.com

ہونے لگے یحضور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر درود بھیجے گا وہ ایسی جزا پائے گا جو چار سو مرتبہ جہاد کرنے والوں کو ملنا چاہیئے۔ (احسن بریلوی)

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جب دو مسلمان مصافحہ کرتے ہیں۔ درود پڑھتے ہیں تو اُن کے جُدا ہونے سے پہلے رب العالمین غفور الرحیم اُن کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

# ایک لاجواب فیصلہ

مواہب لدنیہ میں تفسیر قشیری سے نقل کیا ہے کہ قیامت میں کسی مومن کی نیکیاں کم وزن ہو جائیں گی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک پرچہ سرانگشت کے برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلہ وزنی ہو جائے گا۔ میرے ماں باپ آپؐ پر

Marfat.com

قربان ہو جائیں ۔ آپ کون ہیں ۔ آپؐ کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے ۔ آپ جواب دیں گے مَیں تیرا نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں اور یہ درود شریف جو تُونے مجھ پر پڑھا تھا ۔ وہ پرچہ جو سر انگشت کے برابر میزان میں رکھا ہے ۔ اب تیری حاجت کے وقت اُسکو میں نے ادا کر دیا ہے ۔ سبحان اللہ

---

# صدقہ اور دُرود

حدیث شریف میں آیا ہے کہ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے غصّہ کو ٹھنڈا نہیں کرتی سوائے صدقہ کے ۔

لیکن اگر صدقہ دینے کی طاقت نہ ہو تو کیا کرنا چاہیئے ۔

حضرت ابوسعید خدریؓ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں ۔ کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس مسلمان کے پاس صدقہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تو اپنی دعا میں درود شریف پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ

Marfat.com

وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

یہ کتنا آسان اور بیش بہا نسخہ ہے۔ جسکی بدولت دونوں کام ہو جاتے ہیں۔

درود بھی ہو گیا —— اور صدقہ بھی

# خوفناک صُورت

ایک بزرگ نے خواب میں بڑی اور کالی صورت دیکھی۔ انہوں نے اس سے پوچھا۔ کیا تو بلا ہے؟ اس نے جواب دیا میں تیرے بُرے اعمال ہوں۔ انہوں نے پوچھا تجھ سے کیسے نجات پاؤں۔ اُس نے کہا نبی آخر الزماں محمد مصطفٰے پر کثرت سے درود بھیج۔

اِک داغ ہے جو لایا ہوں مدینہ سے
سو بار بہتر ہے سب نگینوں سے
جڑا ہوا ہے مرے دل میں محبت سے
یہ نگینہ عشق و سوز کا زمانہ سفر حجاز سے

Marfat.com

# غربت کا خاتمہ

شرح احیاء العلوم میں روایت لکھی ہے کہ کثرت سے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا فاقہ اور افلاس و غربت کو دُور کرتا ہے۔ واقعی یہ آزمایا ہوا ہے اور سو فیصدی سچ ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی درود شریف بھیجتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے کاروبار کے متوّلی اور وکیل ہوں گے۔ حشر، حساب، اور تولنے کے وقت میزان میں اعمال کے پل صراط پر چلنے کے وقت۔ اس کے علاوہ سب گناہ بخشوا کر اس شخص کو جنت میں داخل کرائیں گے۔ (انشاء اللہ تعالےٰ) ترتیب الصلوٰۃ ص۳۳

تمہاری غلامی کا ہے سر پر تاج اے تاجدار مدینہ
دل میں ہے یاد لب پہ ہے یا حبیبنا یا حبیبنا
صلوٰۃ و سلام کا ہے زباں پر جڑا ہوا حسین نگینہ

Marfat.com

"حصن حصین" دین اسلام کی ایک لاجواب کتاب ہے۔ اس کے مصنف فرماتے ہیں کہ درود شریف کے شیریں پھل بے حساب ہیں کوئی کسی بھی حالت میں گن نہیں سکتا۔ خصوصاً تنگی اور مشکل، فکر اور حاجات کے بر آنے میں بارہا میں نے یہ تجربہ کیا ہے۔ یہاں تک کہ اگر خوف اور ہلاکت کی جگہ میں پھنس گیا تو ایسے نازک وقت میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے درود شریف کی برکت سے مجھے نجات بخشی۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ بھی فرماتے ہیں کہ دنیا اور آخرت میں تکلیفوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے درود سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔

---

# درُود کا اصلی فلسفہ

اَفضَلُ الذِّکرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ

کہا گیا ہے مگر ان الفاظ میں صرف یہی الفاظ ہیں جن کو آپ اوپر دیکھ سکتے ہیں یعنی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ

Marfat.com

لکھا ہے ۔ افضل الذکر اس لئے ہے کہ اس کلمہ شریف میں اللہ ۔ محمدؐ دونوں نام ایک ساتھ آ گئے ہیں ۔ درود شریف میں بھی دونوں نام آ گئے ہیں ۔ مگر دیکھئے کیا راز سمایا گیا ہے ۔ ایک سے التجا کی گئی ہے اور دوسرے کے لئے دعا مانگی گئی ہے ۔ یعنی دونوں کو ہم بذات خود مخاطب ہیں ۔ اللہ سے عرض کیا گیا ہے کہ محمدؐ کے اوپر اور ان کی اولاد کے اوپر سلامتی بھیج ۔ یہ الفاظ تو خدا بھی کہہ رہا ہے ۔ ہم تو صرف اللہ تعالٰے کی ہاں مں ہاں ملانے والے ہیں ۔ اتنے بڑے مالک اور اتنی پاک و اعلٰے ہستی کی ہاں میں ہاں ملانا کتنا عالی نشان کام ہے ۔ کتنا زبردست اور کتنا مایۂ ناز فعل ہے ۔ جب اللہ تعالٰے سے بھی ہم بات کر رہے ہیں اور حضور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ۔ اس لئے اگر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ افضل الذکر ہے ۔ تو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ اعلٰی ترین دعا ہے ۔

Marfat.com



وہ افضل الذکر یہ افضل الدعا۔ اس دعا کو مانگنے سے خدا بھی خوش اُس کا رسول بھی خوش۔ تن من بھی خوش۔ فرشتے بھی خوش، تو روح بھی خوش۔ غرضیکہ زمین سے آسمان تک سب مخلوق مع اپنے خالق کے خوش ہی خوش اور رحمت کی بارش فوراً برسنے لگ جاتی ہے۔

Marfat.com

سبحان اللہ

نہ فقط کلمۂ افضل الذکر اور درود افضل الدعا۔ بلکہ یہ فلسفہ بھی افضل الفلسفہ بلکہ اعلیٰ ترین فلسفہ۔ بس قصہ مختصر۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

# کاتب کو جنّت

حضرت عبیداللہ بن قوار بیان کرتے ہیں کہ ایک کاتب میرا ہمسایہ تھا جو ایک دن انتقال کر گیا۔ میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا۔ اے دوست اللہ تعالےٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ بولا اللہ تعالےٰ نے مجھے بخش دیا اور ایسے ایسے انعامات و اکرام دیئے ہیں کہ جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کانوں سے سُنا نہ دماغ نے سوچا ہوگا عبیداللہ بن قوآر نے کہا کون سا عمل تھا جس کے بدلے میں تو بخشا گیا۔ کاتب نے کہا میرا معمول تھا کہ

Marfat.com

کتابت کرتے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آتا تو میں نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور لکھتا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اس درود کے بدلے یہ انعام دیا۔ (سبحان اللہ)

•

بے کس و مجبور و بے آسرا ہے آج عبدل
آپؐ تو بنا لیں اس عاصی کو اپنا ٹوٹ نہ جائے اسکا دِل

---

# جمعہ کے دن دُرود کی فضیلت

۱۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درود پڑھا۔ تو قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے ساتھ عظیم الشان نور ہو گا کہ اگر اس نور کو تمام مخلوق کے درمیان تقسیم کر دیا جائے تو انہیں کفایت دی جائے گی۔ (کنز العمال)

۲۔ بلوغ المسرات میں حافظ ابن قیم نقل فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن

Marfat.com

درود شریف کی زیادہ فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے ساتھ ایک ایسی خصوصیت ہے جو اور دنوں کو نہیں ہے ۔

بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم والد صاحب کی پشت سے والدہ صاحبہ کے پیٹ میں تشریف لائے تھے ۔ (ف درود ش)

۳۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کے دن مجھ پر سو بار درود بھیجا، تو ایک سو سال کے گناہ اس شخص کے معاف کر دیئے جائیں گے ۔ (الا یلمی ابزرورؓ)

۴۔ حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ جمعرات کے دن اللہ تعالےٰ آسمان سے فرشتے روانہ کرتا ہے ۔ ان کے پاس سونے کے قلم اور چاندی کے کاغذ ہوتے ہیں ۔ وہ جمعرات کے دن اور جمعہ کی شب میں جو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے ۔ اُس کا نام لکھ لیتے ہیں ۔ (کنز العمال)

---

Marfat.com

# ایک بے مثال راز

حضرت مولانا قبلہ فیض الحسن صاحب سہارنپوری کے داماد نے اپنے بزرگ سے آکر ذکر کیا کہ جس مکان میں مولوی صاحب کا انتقال ہوا تھا۔ وہاں ایک ماہ تک خوشبو عطر زبردست آتی رہی۔ یہ حقیقت حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بھی بیان کی گئی کہ حضرت یہ کیا ماجرا ہے۔ حضرت مولاناؒ نے فرمایا ”یہ تو درود شریف کی وجہ سے ہے“۔ جب دریافت کیا گیا تو واقعی معلوم ہوا کہ حضرت مولانا فیض الحسن صاحب مرحوم کا معمول تھا کہ ہر شب جمعہ کو بیدار رہ کر درود شریف کثرت سے پڑھتے تھے۔

---

# فرشتوں کے ساتھ نماز

حضرت ابوذری رحمت اللہ علیہ نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا کہ آسمان پر فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے۔ حضرت نے

Marfat.com

سبب پوچھا کہ یہ اعزاز کیسے حاصل ہوا۔ اس شخص نے جواب دیا کہ جب کوئی حدیث لکھنے بیٹھا اور آقائے نامدار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آتا تو درود شریف لکھ لیتا تھا۔ اس وجہ سے خدا تعالیٰ نے یہ اعزاز بخشا ہے۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو اس لئے کہ میری امّت کا درود ہر جمعہ کے دن میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ لہٰذا جو مجھ پر زائد درود پڑھنے والا ہوگا وہ مجھ سے زیادہ قریب ہوگا۔ (امام بیہقی)

حضرت انس رضؓ سے نقل ہے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن اور جمعہ کی شب کو مجھ پر بکثرت درود پڑھو۔ اس لئے کہ جس نے ایک بار درود پڑھا۔ تو اللہ تعالیٰ دس مرتبہ اس پر رحمتیں نازل کرتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

Marfat.com

حصن حصین کے مصنف نے بیان کیا ہے کہ درود شریف کے فوائد بکثرت ہیں ۔ اس جگہ سب کو درج کرنا ناممکن ہو گا ۔ مختصراً یہ کہ قیامت کے دن تنگیوں، پریشانیوں سے درود شریف کی برکت سے نجات حاصل ہو گی ۔ دنیا میں بھی بارہا اس چیز کا تجربہ کیا گیا ہے ۔ کہ جب کوئی سخت سے سخت ترین پریشانی لاحق ہوئی تو وہ درود شریف کی برکت سے زائل ہوئی ۔ بزرگانِ دین تاکید کرتے ہیں کہ کم از کم یومیہ سو مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہیئے ۔ اس سے قلب منوّر ہوتا ہے ۔ بہتر یہ ہو گا کہ کم از کم ۳۱۳ مرتبہ روزانہ درود شریف دین و دنیا کے لئے ایک خزانہ ہے ۔

---

# علامہ شہاب خفاجی کا فلسفہ

حضرت علامہ شہاب خفاجی نے شرح شریف میں فرمایا ہے کہ کثرت سے درود شریف نہ پڑھ سکے ۔ تو کم از کم ۳۱۳ مرتبہ

Marfat.com

ضرور پڑھے ۔یہی کثرت سے درود سمجھا جائے گا ۔

مزرع الحسنات میں فرمایا اللہ تعالےٰ نے ۳۱۳ کے عدد میں خاص تاثیر رکھی ہے ۔جہاں یہ عدد پایا جاتا ہے ۔فلاح و بہبود اور خیر و برکت پائی جاتی ہے ۔

اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں سے ۳۱۳ کو رسول بنایا ۔ غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے صحابہؓ کی یہی تعداد تھی جس نے ہزاروں کو مار بھگایا ۔

حضرت طالبؑ کا لشکر جس نے جالوت اور اس کے ساتھیوں کو مار بھگایا ۔ ۳۱۳ تھے وغیرہ اس لئے یہ عدد بھی مسیحا ہے ۔

عشقِ آتش سے ہے سینہ کباب
اِک چمک اپنی دکھا دے بے حجاب
یا جمال اپنا مجھے مولا دکھا
یا نبیؐ پاک سے مجھ کو ملا

Marfat.com

# کونسا عمل زیادہ نفع دینے والا ھے

# افضل ترین اعمال

بزرگوں کا قول ہے کہ زیادہ سے زیادہ وسیلۂ شفاعت درود شریف ہے۔ اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جس پر اللہ تعالیٰ خود درود پڑھتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کو دنیا و آخرت میں اپنی قربت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔ یہ بہت بڑا نور ہے۔ اور ایسی تجارت ہے جس میں گھاٹا نہیں۔ علاّمہ سخاوی رح کہتے ہیں کہ درود سے اعمال صاف ستھرے ہو جاتے ہیں۔ اور یہ نور ہے جس کا مقابلہ نہیں۔ امیدیں بر آئیں گی۔ قلب منوّر ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو گی۔

قیامت کے سخت ترین دہشتناک دن میں امن نصیب ہو گا۔ (آمین)

Marfat.com

# حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا بوسہ دینا

حضرت شیخ ابن حجر مکی ؒ کی روایت ہے کہ ایک آدمی ہر رات کو سوتے وقت درود شریف پڑھا کرتا تھا۔ ایک رات اُس نے خواب میں دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے پاس تشریف لائے اور اُس کا تمام گھر روشن ہو گیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ وہ منہ لاؤ جو کہ بہت درود پڑھتا تھا تاکہ بوسہ دُوں۔ اُس آدمی نے شرماتے ہوئے رخسار سامنے کر دیا۔ آپ نے اسکے رخسار پر بوسہ دیا۔ اس کے بعد وہ نیند سے بیدار ہو گیا۔ اور اُس کا سارا گھر مشک کی خوشبو سے معطّر تھا۔

سب سے زیادہ فائدہ جو درود شریف پڑھنے میں ہے وہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی ہے۔ خاص طور پر اس کتاب کے درود پڑھنے والے کو بہت جلد زیارت ہوتی ہے۔

---

Marfat.com

# آسان عمل • عظیم اجر

حضرت رویفعؓ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل فرماتے ہیں کہ جو شخص اس طرح کہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

اس آدمی کے لئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

(سبحان اللہ) اوپر والے درود شریف کے معنی یہ ہیں کہ اے اللہ محمدؐ پر درود بھیج اور ان کو قیامت کے دن مقرب ٹھکانے پر بٹھا جو تمہارے نزدیک نہایت مقرّب ہو۔

---

# خاص الخاص محبّت

ابن مسعودؓ نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَہِ اَکْثَرُھُمْ

Marfat.com

عَلَیَّ الصلواۃً ۔یعنی قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب مجھ پر زیادہ درود پڑھنے والا ہوگا ۔ اس سے زیادہ کیا نعمت ہوگی کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ہوگا ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قیامت میں گذر ہوگا ۔ پھر کس چیز کا ڈر ہوگا ؟

---

# امام رازی کا فلسفہ

حضرت امام فخرالدین رازیؒ فرماتے ہیں کہ استغفار اور درود میں سے درود کو بہتر جانو ۔ تم درود پڑھو اور استغفار کا کام حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو ۔کیونکہ درود شریف تو سراسر فعلِ الٰہی ہے ۔ اس کے منظور ہونے یا نہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ مگر استغفار دعا کی ایک درخواست ہے ۔ کوئی گارنٹی نہیں کہ قبول ہوگی یا نہیں ۔ اگر دعا میں اخلاص وغیرہ شامل نہیں تو اس کے قبول نہ ہونے کا اندیشہ ہے ۔ اس لئے استغفار

Marfat.com

کا یقین نہیں کیا جا سکتا۔ اور درود شریف کے قبول ہونے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔

اس لئے پُر امن اور اطمینان بخش راہ یہ ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درود یعنی صلوٰۃ کا ورد جاری رکھیں اور استغفار کا کام حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر چھوڑ دیں۔ وہ ہمیشہ ہی اپنی امت کے لئے استغفار کرتے رہتے ہیں اور حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی استغفار اور دعا ہر حال میں قبول ہی قبول ہے ادھر ہمارا درود قبول ادھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا استغفار قبول۔ دونوں طرف کامیابی ہی کامیابی ہے۔ (دونوں قبول)

---

Marfat.com

# یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

قرآن تیرا، تاج جبریل تیری جی حضوری میں
اللہ ہے یکتا، اپنے نازمیں تو ہے یکتا اپنے نیاز میں
رب العالمین کے شان کا نہ تھا نہ ہے نہ ہوگا کوئی
رحمت العالمین کی آن کا بھی نہ تھا نہ ہے نہ ہوگا کوئی
وہی اللہ اکبر ہے وہی اللہ واحد ہے وہی اللہ احد ہے
تو قبلہ ایمان ہے تو محسنِ اعظم ہے، تو واقعی احمد ہے
وہ رب جلیل ہے وہ قادر کریم ہے وہ حنان ومنان ہے
تو رحمت کا پیکر ہے تو رؤف الرحیم ہے تو فخرِ دو عالم ہے
وہ مالکِ حقیقی ہے وہ ربِ جلیل ہے وہ اللہ صمد ہے
قاسم کوثر ہے تو نازشِ آدم ہے تو پیارا محمدؐ ہے

---

Marfat.com

# مجلس کا انعام

صوفیاء میں سے ایک بزرگ نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص جس کا نام مسطح تھا اپنی زندگی میں سارا وقت گناہوں میں غرق رہتا تھا۔ بعد مرنے کے خواب میں دیکھا گیا اور بڑی شان میں تھا۔ ہم نے پوچھا یہ انعام کیسے اس نے کہا اللہ تعالیٰ نے فوراً مغفرت فرما دی۔ بڑے انعام و اکرام عطا کئے۔ ہم نے پوچھا، کیسے۔ کس کام کے بدلے میں، اس نے کہا میں ایک حدیث لکھنے والے استاد کے پاس بیٹھا تھا جب استاد حدیث لکھتے وقت درود پڑھتے تو میں بھی زور سے درود پڑھتا، میری آواز سن کر سب مجلس والے درود پڑھتے۔ اللہ تعالیٰ نے میری اور اس ساری مجلس والوں کی مغفرت کر دی۔

---

# ایک آسان درود

حضرت ابن عباس رضی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل

Marfat.com

کرتے ہیں کہ جو شخص یہ دعا کرے :

جَزَی اللّٰہ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

یعنی جزا دے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم لوگوں کی طرف سے جس بدلے کے وہ مستحق ہیں۔

تو اس دعا کا ثواب ستّر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔ یعنی ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس آدمی کے لئے دعا مانگتے رہیں گے۔ (سبحان اللہ)

اب تو آقا کے در پر ملک الموت سے ملاقات ہو
بابِ رحمت پہ عبدل کا خاتمہ بالخیر ہو
میری معراجِ سعادت کی عبدل یہ ہے اِک دلیل
اُمتّی ہوں اُس کا جس کا خادم ہے جبرائیل

## دُرود دُعا اور دوا

ایک علاّمہ جو حضرت ابن المشتہر کے نام سے مشہور ہیں یوں فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ جل شانہٗ کی ایسی حمد

Marfat.com

کروں جو سب سے زیادہ افضل ہو اور اب تک کسی مخلوق نے نہ کی ہو۔ جو اولین اور آخرین اور ملائکہ مقربین آسمان والوں اور زمین والوں سے افضل ہو اور خاص طور پر ایسا درود جو سب سے افضل ترین ہو تو یہ پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَ افْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَ اَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ ط

اس کا ترجمہ یہ ہے۔

اے اللہ تیرے ہی لئے حمد ہے جو تیری شان کے مناسب ہے۔ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہوں جو تیری شان کے مناسب ہے اور میرے ساتھ بھی وہ معاملہ کر جو تیری شایانِ شان ہو بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے ڈرا جائے اور تو مغفرت کرنے والا ہے۔

## نوٹ

یہ درود بھی ہے، دوا بھی اور دعا بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب

Marfat.com

کو توفیق دے۔ اس کو بار بار پڑھنے اور پڑھانے کی۔ (آمین)

---

# تین آدمی

علامہ سخاوی رح ایک حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ تین آدمی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے میں ہوں گے جس دن اس سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہ ہو گا۔ ایک وہ شخص جو کسی مصیبت زدہ کی مصیبت ہٹائے۔ دوسرا وہ جو میری سُنّت کو زندہ کرے۔ تیسرا وہ جو میرے اوپر کثرت سے درود بھیجے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا حَبِیْبِنَا وَمَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

---

Marfat.com

# الٰہی پروانہ

حضرت خالد ابن کثیرؒ کا جب وقت وفات قریب آیا -
تب لوگوں نے ان کے سرہانے ایک پرچہ کاغذ پر یہ مضمون لکھا
ہوا پایا کہ

بَرَائَۃٌ مِنَ النَّارِ لِخَالِدِ بْنِ کَثِیْرٍ

یعنی خالد بن کثیر کو دوزخ سے نجات ہے -
اس کاغذ کے پرچے کو دیکھتے ہی لوگوں کو بڑا تعجب ہوا سب
کے سب فوراً اس کے گھر والوں کے پاس جمع ہو کر اس کا سبب
دریافت کرنے لگے - ہر ایک حیران تھا اور ہر ایک یہ راز سننے کیلئے
بے قرار تھا - گھر والوں سے معلوم ہوا کہ ہر جمعہ کو دس ہزار مرتبہ
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت خالد بن کثیر درود شریف پڑھا
کرتے تھے - ان کا معمول تھا کہ رات کو دس ہزار مرتبہ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ
پڑھتے تھے سبحان اللہ اس درود شریف کو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

پر نہ بھیجنے کا انعام اُن کو دنیا میں ہی مل گیا۔ آخرت تو آگے ہے۔

(معراج المومنین صا ۱۸۱)

اس فانی دنیا میں ایسے بھی خدا ترس بزرگ ہیں کہ جب وہ نماز میں التحیات پڑھنے بیٹھتے ہیں۔ اور

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ

کہتے ہیں۔ تو آقائے نامدار حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا باقاعدہ جواب

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

سنتے ہیں۔ یہ سب درود شریف کی برکت ہے۔

---

# ایک فقیری فلسفہ

سب سے پہلے قبر میں جس کا سوال ہونے والا ہے۔ وہ روح ہے اور روح کو پاک کرنے کے لئے درود شریف سے بڑھکر کوئی چیز نہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے اوپر

Marfat.com

زیادہ سے زیادہ درود پڑھو۔ اس لئے کہ تمہارے لئے موجبِ پاکی ہے۔ (ابوالعلی موصلی) اب حضور نے خود اس چیز کا اعلان کر دیا۔ کہ پاکیزگی کا نسخہ درود شریف انسان کو اس کی روح کو اس طرح پاک وصاف کر دیتا ہے جس کی کوئی مثال نہیں۔ یہاں تک کہ جن باعمل عالموں اور محدثوں اور فقیروں نے درود وسلام پر کمر باندھی ہے خدا کے فضل وکرم سے اور حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت کی برکت سے لاکھوں گنہگاروں کی شفاعت کی بشارت انہیں اس دنیا ہی میں مل گئی۔

ان فقیروں اور محدثوں کو انشاء اللہ تعالےٰ روزِ قیامت گنہگاروں کی شفاعت کرنے کا حق خود حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائیں گے۔ جیسا کہ عاشق رسول حضرت اویس قرنی رضؓ کو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضؓ اور حضرت علی رضؓ کے ہاتھ پیغام بھیجا کہ آپ بھی امتِ محمدیہؐ کے واسطے بخشش کے لئے دعا مانگیں۔ حالانکہ شفاعت کے صاحب خود حضور رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی ہستی ہے لیکن اللہ تعالےٰ نے

Marfat.com

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے اور حضور کی سفارش پر یہ اعزاز حضورؐ کی امت کے چند افراد کو بھی دیا ہے ۔ اور کیا اعلیٰ ترین اعزاز ہے ۔ سبحان اللہ

چنانچہ ایک زبردست محدث عالم حضرت شیخ شاذلیؒ جنکی وہ شان تھی کہ پانچوں وقت کی نمازیں حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ادا فرماتے تھے ۔

ایک روز رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ اے شاذلی تو قیامت کے روز ایک لاکھ آدمی کی شفاعت کریگا ۔ کیونکہ تو محبت اور اخلاص کے ساتھ مجھ پر درود بھیجتا ہے ۔ (معراج المؤمنین)

اس لئے درود شریف پڑھنے سے آدمی ایسا بلند مقام حاصل کر لیتا ہے جس کا اس دنیا میں کوئی بھی اندازہ نہیں کرسکتا ۔ سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ نصیب ہو گا ۔

یہ ہے عاشقی فلسفہ یا فقیری فلسفہ یا محبت کا فلسفہ ، کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ جو کوئی سب سے زیادہ

Marfat.com

درود پڑھے گا۔ وہ قیامت کے روز سب سے زیادہ میرے نزدیک ہو گا۔ اس سے بڑھ کر اور کیا نعمت ہو سکتی ہے کہ ہم محبوبِ خدا کے ساتھ ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ہے عبدل مست محمد کے نام پر
مرتے دم تک رہے گا یہ خمار نبض پر

---

# نور کی پالوٹ

وسیلۃ العظمیٰ میں حکایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر سلام کیا۔ اُس وقت زید بن ثابت رضؓ حضور کریمؐ کے ساتھ تھے۔ حضرت زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ اُس آدمی کے ہاتھ میں اونٹ کی مہار تھی۔ اتنے میں ایک اور شخص آیا اور کہا اس نے میرا اونٹ چرا لیا ہے۔ اونٹ نے اس وقت

آواز دی جس کے سنتے ہی حضرت سرور کائنات فخر موجودات ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم اس اونٹ کی طرف متوجہ ہوئے اور اس اعرابی کو کہا تو جھوٹا ہے۔ چنانچہ وہ چلا گیا۔ پھر نبی کریمؐ نے پہلے آدمی سے فرمایا کہ جس وقت تو یہاں کھڑا تھا۔ کیا کرتا رہا۔ جس کی وجہ سے اونٹ بولا۔ اس آدمی نے عرض کیا۔ میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں۔ اس وقت میں جب آپؐ کے سامنے کھڑا تھا صرف درود شریف پڑھتا رہا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا۔ تو جب اُونٹ اپنی حقیقت بیان کر رہا تھا اس وقت فرشتوں نے افق کو بھر دیا تھا۔ یعنی درود شریف کی برکت سے اونٹ نے اصل واقعہ بیان کیا۔ فرشتے اس قدر نازل ہوئے کہ تمام افق اُن سے بھر گیا۔ کیونکہ درود شریف نور ہی نور ہے اس لئے اس کے پڑھنے سے نور بھر جاتا ہے۔ ہر چیز اس میں صاف نظر آتی ہے۔

---

Marfat.com

رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کی زیارت

# حوضِ کوثر اور قیامت

علامہ سخاوی فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

مَنْ صلّی عَلٰی رُوحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

جو شخص روحِ محمدؐ پر ارواح میں اور آپؐ کے جسدِ اطہر پر بدنوں میں اور آپؐ کی قبر پر درود بھیجے گا۔ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا اور خواب میں دیکھے گا وہ قیامت میں دیکھے گا اور جو قیامت میں دیکھے گا۔ میں اس کی سفارش کروں گا۔ وہ حوضِ کوثر سے پانی پیئے گا۔

---

کی محمدؐ سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

Marfat.com

# تریاقِ مجرّب

نزہۃ المجالس میں لکھا ہے کہ بعض صلحا میں سے ایک صاحب کو عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین ابن ارسلان جو بڑے زاہد اور عالم تھے۔ دیکھا اور اُن سے اپنے مرض کی شکایت کی اور تکالیف کہیں۔ انہوں نے فرمایا تریاق مجرّب سے کہاں غافل ہے۔ یہ درود پڑھا کر:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ ط

# ایک لاکھ

حضرت مولانا محمد علی خاں رامپوری اپنی مشہور کتاب "فلاحِ دین و دنیا"

Marfat.com

ں فرماتے ہیں کہ جو شخص ایک مرتبہ رسول مقبول احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ
علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے تو گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے - جیسے ماں
کے پیٹ سے ابھی پیدا ہوا - ایک لاکھ نیکیاں اس کے اعمالنامہ میں
لکھی جاتی ہیں اور اس کا نام زندہ اولیاء اللہ میں تحریر ہو جاتا ہے -

عبدل تڑپتا ہے ازل سے اس تمنا میں
مل جائے اگر دو گز دفن ہو دیار مدینہ میں

# تین انمول تحفے

١- درود شریف پڑھنے والے کے گناہ فرشتے تین دن تک نہیں لکھتے - اس سے زیادہ امتِ محمدی کو کیا تحفہ ملے گا؟

٢- پُل صراط پر گذرتے وقت نور کی کثرت ہوگی - اس کی روشنی میں پلک مارنے کی مقدار کے عرصہ میں اس سے عبور کرنا ممکن ہو جائے گا -

٣- محشر کے دن جناب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کی دولت نصیب ہوگی - یہ کتنے عجیب تحفے ہیں -

Marfat.com

# ستّر ہزار نیکیاں - ستّر ہزار دن

مزرع الحسنات میں درج ہے کہ اگر کوئی شخص اس درود شریف کو پڑھے تو ستّر فرشتے ایک ہزار روز تک اس شخص کے اعمالنامہ میں نیکیاں لکھتے ہیں - (سبحان اللہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَاہُ لَہٗ -

(الٰہی حضور آقا محمدّ اور حضرت محمدّ کی آل اولاد پر سلامتی بھیج جو تیرا محبوب اور پسندیدہ ہے)

عبدل میرے گناہوں کو بخشے گا وہ کریم
محشر میں رٹ لگاؤں گا جب درود کی

حضرت عابد الرحمٰن صدیقی صاحب اپنی تصنیف میں فرماتے ہیں کہ خصوصیّت کے ساتھ طالب علموں کو یومیہ ایک سو مرتبہ کم از کم درود شریف کسی بھی حال میں ضرور پڑھنا چاہیئے - اس سے قلب منوّر ہوتا ہے۔ اس ناچیز کا بھی یہ اعلان ہے کہ واقعی جلد از جلد قلب کو منوّر

Marfat.com

کرنے والی اگر کوئی چیز ہے اور لاجواب دیکھی تو درود شریف ہے۔ اس لئے درود شریف کو تاج الوظائف کہتے ہیں یعنی سب سے بڑا وظیفہ درود ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا○

## حضرت جبرائیل کیوں پیدا ہوئے

حضرت جبرائیل علیہ السلام کی ایک ہزار زبانیں اور چھ سو پر ہیں۔ سر سے پاؤں تک زعفران جیسے بال ہیں۔ ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان آفتاب ہے۔ ہر بال پر ایک ایک ستارہ مثلِ ماہتاب درخشاں ہے۔ ہر روز تین سو ساٹھ بار دریائے نور میں غوطہ لگاتے ہیں۔ جب دریائے نور سے غوطہ لگا کر نکلتے ہیں تو ہر پر سے قطرے ٹپکتے ہیں۔ ہر قطرے سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے۔

Marfat.com

جو قیامت تک اللہ تعالےٰ کی تسبیح کرتا رہتا ہے۔ ایک روز حضرت جبرائیلؑ نے حضور سرور کائنات کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اللہ تعالےٰ نے جب مجھے پیدا کیا تو دس ہزار سال تک یہ پتہ نہ چل سکا کہ میں کس مقصد کے لئے پیدا کیا گیا ہوں اور میں کیا کروں۔ دس ہزار برس کے بعد ندا آئی کہ اے جبرئیل! تب مجھے معلوم ہوا کہ میرا نام جبرئیل ہے۔ میں نے فوراً جواب میں عرض کیا۔ لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ۔ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا کہ میری تقدیس بیان کرو۔ میں نے دس ہزار برس یہ کیا۔ پھر حکم ہوا میری بزرگی بیان کرو۔ دس ہزار برس تک بزرگی بیان کرتا رہا۔ اس کے بعد مجھ پر انوار عرش ظاہر ہوئے۔ عرش پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا ہوا دیکھا۔ میں نے دریافت کیا۔ اے باری تعالےٰ محمد رسول اللہ کون ہیں۔ حکم ہوا۔ اے جبرئیل اگر محمدؐ نہ ہوتے تو میں تجھ کو پیدا نہ کرتا۔ بلکہ نہ جنت پیدا کرتا اور نہ دوزخ۔ نہ چاند نہ سورج۔ اے جبرئیل! محمد پر درود پڑھو چنانچہ دس ہزار برس تک میں حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا رہا۔

---

Marfat.com

# حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سجدہ اور خدا کا سلام

عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے۔ حتیٰ کہ کھجوروں کے باغ میں داخل ہوئے اور آپ نے سجدہ کیا۔ اور بہت دراز سجدہ کیا۔ یہاں تک کہ مجھے خوف ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو وفات دے دی ہے۔ عبدالرحمٰن بن عوفؓ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھنے کے لئے باہر آیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا اور فرمایا کہ جبرئیل امین نے مجھ سے فرمایا کہ میں آپؐ کو اس چیز کی خوشخبری دیتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی بھی آپ پر درود بھیجے تو میں اس آدمی پر رحمت نازل کروں گا اور جو آپؐ پر سلام بھیجے تو میں خود اس آدمی پر سلام بھیجوں گا۔

عشق و محبت، عرش و جنّت ، ارض و سماء
سب کے سب تیرے بغیر ہیں ویرانہ
تیرا عالی اسم لے کر ہے کون دُنیا میں
وہ جو بنے پروانہ وہ جو نہ ہو دیوانہ

Marfat.com

# درود عرش پر

ابن جوزیؒ نے نقل کیا ہے کہ درود شریف عرش سے پہلے کسی مقام پر نہیں رُکے گا اور کسی فرشتے پر سے اس کا گذر نہیں ہوگا مگر وہ کہے گا کہ اس کے کہنے والے کے لئے دعا کرو جیسا کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا ہے۔

حافظ منذریؒ نے ترغیب وترہیب میں طبرانی کے حوالے سے ایک روایت کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجتا ہے۔ اور جو دس مرتبہ درود بھیجتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سو مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔ اور جو شخص مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس شخص کو قیامت میں شہداء کے ساتھ مقام عطا فرمائے گا۔ حق!

# فرشتے کا جواب

امام طبرانی فرماتے ہیں کہ ایک فرشتہ اس کام پر معمور ہے کہ جو

Marfat.com

کوئی بھی حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے۔ تو وہ کہتا ہے وَاَنْتَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یعنی تجھ پر بھی اللہ کی رحمت ہو۔
(وسیلہ العظمیٰ)

زاہد الواعظین میں ہے کہ قیامت کے روز ایک ایسی جماعت ہوگی کہ جن کے منہ چاند کی طرح روشن ہوں گے اور ان کے بال سچے موتیوں سے لبریز ہوں گے اور نور کے منبر پر اس حال میں بیٹھے رہیں گے کہ ایک حساب میں ہوں گے۔ اہل جنت کہیں گے کہ فرشتے ہو یا انبیاء ہو۔ وہ جواب دیں گے کہ ہم نہ تو نبی ہیں اور نہ ہی فرشتے ہیں ہمیں صرف اتنا علم ہے کہ ہم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہیں۔
فرشتے حیران ہو کر کہیں گے۔ یہ مرتبہ کیسے نصیب ہوا۔ وہ کہیں گے کہ پانچ وقت نماز ہم نے آداب اور سنتوں کے ساتھ باجماعت پڑھی اور اس کے ساتھ جب حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک آتا تھا تب آپ کی محبت اور عشق کے باعث دل سے صلوٰۃ (درود) پڑھتے تھے۔

Marfat.com

# پانچ فرشتے

مجالس الابرار میں ہے کہ انسان کے ساتھ پانچ فرشتے رہتے ہیں۔

ایک سیدھی جانب جو نیکیاں لکھتا ہے۔

دوسرا بائیں جانب جو بدیاں لکھتا ہے۔

تیسرا آگے رہتا ہے جو نیکیوں کی تلقین کرتا ہے۔

چوتھا پیچھے رہتا ہے جو بلاؤں کو دور کرتا ہے۔

پانچواں پیشانی پر رہتا ہے جو درود شریف لکھتا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا دیتا ہے۔ (سبحان اللہ)

امیدیں لاکھوں ہیں لیکن سب سے اوپر اور اوّل
کہ ہو مدینہ کے بھنگیوں میں عبدل کا شمار
اڑا کے باد میں مشک خاک کو بعد مرگ
کرے حضور کے روضے کے آس پاس نثار

## درود تاج "فضائل"

Marfat.com

اگر کوئی شخص زیارت جمال بے مثال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آرزو دل وجان سے رکھتا ہو تو عروج ماہ شب جمعہ کے بعد فراغت نماز عشاء کے باوضو جاء پاک خوشبودار پہن کر ایک سو اکتر بار اس درود شریف کو پڑھ کر سو رہے۔ گیارہ شب اسی طرح سے پڑھے۔ انشاء اللہ شرفِ زیارت بابرکت سے مشرف ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمت نازل فرما ہمارے سردار اور مالک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ

جو صاحب تاج ہیں اور معراج اور براق

وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ

اور علم ہیں اور (جو) بلا اور وبا اور قحط

Marfat.com

وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ

اور بیماریوں اور دکھوں کو دور کرنے والے ہیں ۔ انکا نام مبارک لکھا ہوا ہے

مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط

بلند صاحب شفاعت نقش کیا ہوا بیچ لوح اور قلم کے

سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ط جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ

جو عرب اور عجم کے سردار ہیں اور ان کا جسم مبارک

مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط

مقدس اور معطر، مطہر اور منور ہے ۔ مدینہ منورہ میں جو صبح کے آفتاب

شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ

اور اندھیری رات کے بدر بلندی کے صدر ہدایت کے نور

الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط

خلائقت کی پناہ اندھیروں کی پناہ ہیں

Marfat.com

جَمِيْلِ الشِّيَمِ شَفِيْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ

جو اچھی خصلتوں والے اور امتوں کی شفاعت کرنے والے اور صاحب سخی

وَالْكَرَمِ ط وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ

اور کرم ہیں - اور خدا تعالیٰ انکا نگہبان ہے اور جبریلؑ ان کے خادم ہیں

وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ

اور براق ان کی سواری ہے اور معراج انکا سفر ہے اور سدرۃ المنتہیٰ ان کا

الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ

مقام ہے اور قاب و قوسین انکی آرزو ہے

وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ

اور مطلوب ان کا مقصود ہے اور مقصود ان کا موجود ہے

سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ

تمام نبیوں کے سردار اور نبیوں کے خاتم ہیں گنہگاروں کی شفاعت کرنیوالے

Marfat.com

اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَتِ الْعَاشِقِیْنَ

اور غریبوں کے غمخوار ہیں - تمام دنیا کیلئے رحمت ہیں - عاشقوں کی راحت

مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ

مراد مشتاقوں کی آفتاب عارفوں کے سالکان طریق ہدایت

السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ

کے چراغ مقربان خدا کی شمع فقیروں

وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ

اور مسکینوں کو دوست رکھنے والے سردار جن وانس کے حرمین شریف

اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ

کے نبی پیشوا دونوں قبلوں (بیت المقدس اور خانہ کعبہ) کے ہمارا وسیلہ

قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ

دونوں جہانوں میں مالک قاب قوسین کے محبوب اسکے جو مالک ہے مشرقوں کا اور مغربوں کا

Marfat.com

جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ

امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کے جد امجد ہمارے مولانا اور جن و انس کے آقا

اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ

جناب ابی قاسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم ابن عبداللہ نور میں اللہ کے نوروں سے

اللّٰہِ یَا اَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ

کے اشتیاق رکھنے والو۔ درود پڑھو

وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط

ان کی آل پر اور اصحاب پر اور سلام بھیجو پورا پورا

## درود لکھی

سلطان المشائخ واقف اسرار معنوی حضرت محمود غزنوی علیہ الرحمۃ کا یہ معمول تھا کہ ہر روز بطور وظیفہ صدق نیت اور فرط محبت سے دو لاکھ بار درود شریف پڑھنے اور اسکا ثواب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی

Marfat.com

نذر کرتے۔ چونکہ اس قدر پڑھنے میں تمام دن گزر جاتا۔ انتظام مملکت کے واسطے فرصت کا وقت ہاتھ سے نکل جاتا۔ ایک رات عالم خواب میں رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھ آپ ہی کی ذات بابرکات کا کا آخرت و دنیا میں امتِ عاصی کو سہارا ہے۔ خود بادشاہ جہاں میں یہ محنت امت اور فتور سلطنت آپ کو کب گوارا ہے۔ سلطانِ محمود کو زیارتِ جمال جہاں آرائے سے سرفراز کیا۔ اور ارشاد زبان وحیِ ترجمان سے یوں ممتاز کیا کہ اے محمود! اس درود شریف کو ہر روز بعد نماز فجر کے ایک مرتبہ پڑھا کرو، لاکھ درود کا ثواب حاصل ہوگا۔ اس کی برکت سے میری محبّت میں کامل ہوگا۔ —— اور جس قدر اس سے زیادہ بڑھتا جائے گا۔ اسی قدر لاکھوں تک ثواب پائے گا۔ پس سلطان محمود نے برطبق ہدایت اور ارشاد جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر روز درود شریف کی مواظبت کی اور اس مژدہ سے ہر شخص کو خبر کر دی۔

بسببِ حصول ثواب لاکھ درود شریف کے ایک دفعہ پڑھنے میں درود خوانوں کو سرور، نام ہوا۔ اس لئے یہ درود لکھی کے نام سے موسوم ہوا۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اے اللہ ہمارے سردار آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پاک پر اور ہمارے

رَحْمَۃِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک آل پر مطابق اپنی رحمت

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے درود و سلام بھیج۔ اے اللہ ہمارے سردار اور آقا

بِعَدَدِ فَضْلِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ کی آل پر درود و سلام بھیج اپنے

Marfat.com

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

فضل کی تعداد کے مطابق۔ اے اللہ ہمارے سردار اور آقا

مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ خَلْقِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار محمد کی آل پر اور ہمارے سردار محمد

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی

کی آل پر اپنی خلقت کے شمار کے مطابق درود وسلام بھیج

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عِلْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ

سردار حضرت محمد کی آل پر اپنے علم کی تعداد کے مطابق

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَ

درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

اور ان کی آل پاک پر اور ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد کی آل پر تعداد کلمات

Marfat.com

بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

وسلم کی آل پر بارش کے قطروں کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

وسلم کی آل پر درختوں کے پتوں کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے آقا

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

وسردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

وسلم کی آل پاک پر میدان کی ریت کے ذرّوں کے

رَمْلَ الْقِفَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ

Marfat.com

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر سمندر ول

كَلِمٰتِ اللّٰهِؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار آقا

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍۢ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار حضرت محمد کی آل پر اپنے

بِعَدَدِ كَرَمِ اللّٰهِؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کرم کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے سردار اور آقا حضرت

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

حُرُوْفِ كَلَامِ اللّٰهِؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اپنے کلام کے حروف کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے

Marfat.com

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ

بِعَدَدِ مَا خُلِقَ فِی الْبِحَارِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک آل پر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ ط

دانوں اور پھلوں کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ ط

کی آل پر دن اور رات کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ

Marfat.com

بِعَدَدِ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَ اَشْرَقَ عَلَيْهِ

وسلم کی آل پر اس تعداد کے مطابق کہ جس پر رات چھائی ہوئی اور دن چڑھا ہوا

النَّهَارُ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

ہے ۔ اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر ان لوگوں کی تعداد کے مطابق جو ان پر

مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

درود و سلام بھیجتے ہیں درود و سلام بھیج اے اللہ ہمارے سردار اور آقا

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

درود و سلام بھیج ۔ اس تعداد کے مطابق جو ان پر درود و سلام نہیں بھیجتے ۔

Marfat.com

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد صلی اللہ

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ ط اَللّٰهُمَّ

علیہ وسلم کی آل پر تمام مخلوق کے سانسوں کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت محمد

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ

ہمارے اللہ علیہ وسلم کی آل پر آسمانوں کے تاروں

السَّمٰوٰتِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی تعداد کے مطابق درود وسلام بھیج ۔ اے اللہ ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سردار د آقا حضرت محمد کی آل پر دنیا

Marfat.com

بِعَدَدِ كُلِّ شَيْئٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط صَلَوَاتُ

اور آخرت کی تمام چیزوں کی مقدار کے مطابق درود و سلام بھیج ۔ اللہ تعالیٰ اور اسکے

اللهِ تَعَالٰى وَمَلٰئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَائِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ

فرشتے نبیوں اور رسولوں اور تمام خلقت کا درود اوپر تمام رسولوں کے

الْخَلَائِقِ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ

سردار اور متقیوں کے امام اور

وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا

پیشوا اور گناہ گاروں کی شفاعت کرنے والے ہمارے سردار

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ

اور آقا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی آل پر اور انکے اصحاب پر

وَذُرِّيَاتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

اور ان کی ازواج اور اولاد پر ان کے اہلبیت پر اور تیری اطاعت کرنیوالوں پر تمام

Marfat.com

مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ بِرَحْمَتِكَ

اہل آسمان اور زمین سے تیری طفیل رحمت اے سب پر رحم کرنے

یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط وَیَااَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ ج وَ

والوں سے زیادہ رحم کرنے والے اور سب بزرگوں سے زیادہ

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

بزرگی والے اور رحمت والے ۔ اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد اور انکی

وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا دَآئِمًا

آل اور تمام اصحاب پر سلام بھیجئے (سلام بھیجنا) ہمیشہ آخرت تک کثرت

اَبَدًا کَثِیْرًا ط وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۵

سے اور اللہ کے لئے سب حمد ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

۱۔ حضرت ابوہریرہؓ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک نقل کرتے ہیں کہ حضور نے فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو

Marfat.com

کے درود کا ثواب بڑے پیمانہ میں ناپا جائے تو وہ ان الفاظ

سے درود پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

۲۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ ایک حدیث کا حضرت ابو مسعود سے ذکر کرتے ہیں کہ آقائے نامدار سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص چاہتا ہے کہ اس کا درود بہت بڑے پیمانے سے ناپا جائے تو وہ اہلبیت اطہار پر درود شریف پڑھے۔ تو اس طرح پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

۲۔ حضرت ابو ہریرہ رضی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جلیل القدر اور

Marfat.com

پیاروں میں پیارے صحابی ہیں ۔ آپ زیادہ سے زیادہ حدیث شریف حفظ کرتے تھے ۔ اور آپ سے کئی حدیثیں نقل کی گئی ہیں ۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن اسّی مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا اس کے اسّی برس کے گناہ معاف کر دئے جائیں گے ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ دونوں مشہور صحابیوں سے یہ روایت نقل کی گئی ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اسّی برس کے گناہ معاف ہوں گے ۔

## درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بڑوں میں بڑے عالم بڑے محدّث اور زبردست طاقت والے ولی اللہ گزرے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر خاص انعام واکرام تھا ۔ اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہوتے تھے ۔

Marfat.com

اور اللہ تعالےٰ کے پیاروں میں پیارے بندوں میں سے تھے - آپ کا ارشاد ہے کہ جو شخص چاہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض (کوثر) سے بھرپور پیالہ پیوے تو وہ یہ درود شریف پڑھا کرے -

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ اَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَظْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

# درودِ انعام

اس کو عرب کے گوشے گوشے میں صلوٰۃ انعام کہتے ہیں - اور ایک عجیب درود ہے - فائدہ سب سے زیادہ اور محنت بہت کم - عالمِ اسلام کا ایک زبردست درخشاں ستارہ اور ولی اللہ حضرت سیّد احمد انصاوی فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف دین و دنیا کی نعمتوں کا دروازہ ہے - اگر کوئی چاہے کہ نعمتوں سے مالامال ہو جائے تو عشاء کے بعد اس کو ضرور پڑھے -

Marfat.com

## درود انعام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰہِ وَاِفْضَالِہٖ

اے اللہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اتنا جتنا کہ تیرا انعام اور بے شمار فضل و کرم ہے۔

یہ درود شریف جو پڑھے گا اس کو بے شمار دین و دنیا میں نعمتیں حاصل ہوں گی۔

ایک کریم اور رحیم ایک رؤف اور رحیم
ایک محب ایک محبوب ایک ناز اور ایک نیاز ہے
نالے کرنے اٹھیں گے عبدل حشر میں ایک دم
قسم خدا کی حشر میں ایک اور حشر برپا ہونا ہے

## درود ہزارہ

---

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اولاد حضرت محمد صلی اللہ

بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ

علیہ وسلم کے اوپر ایک ذرّہ کے عوض دس کروڑ بار

وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ

اور برکت دے

# درود روحی

قبرستان میں زیادہ تر پڑھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے اسکی برکت سے روحوں کو عذاب سے نجات ملتی ہے اور اس کی برکت سے قیامت تک روحوں کو آرام ملتا رہتا ہے جتنا زیادہ پڑھا جائے اتنا زیادہ ثواب ہوگا۔ یہاں تک کہ اس کا ثواب ماں باپ کی روح کو بخشنے کا ایسا ثواب ہے گویا کہ تمام عمر کے ان کے حقوق ادا کر دیئے انہیں اس سے اتنا درجہ ملتا ہے کہ فرشتے بھی زیارت کو آتے ہیں۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد کے جب تک رہے رہے

اَلصَّلٰوةُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَا دَامَتِ

نماز اور درود بھیج اوپر محمد کے جب تک ہو

الرَّحْمَةُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَا دَامَتِ

رحمت اور درود بھیج اوپر محمد کے جب تک ہوں

الْبَرَكَاتُ وَصَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ

برکتیں اور درود بھیج روحوں کے اور درود بھیج اوپر

وَصَلِّ عَلٰی صُوْرَةِ مُحَمَّدٍ فِی الصُّوَرِ وَصَلِّ

اوپر صورت محمد کے بیچ صورتوں کے اور درود بھیج

Marfat.com

عَلٰی اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَاءِ وَصَلِّ عَلٰی

اور درود بھیج اوپر نام محمد کے بیچ ناموں کے

نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِی النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰی قَلْبِ

اور درود بھیج اوپر نفس محمد کے بیچ نفسوں کے اور درود بھیج اوپر قلب محمد کے

مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ

بیچ قلبوں کے اور درود بھیج اوپر قبر محمد کے بیچ قبروں کے

فِی الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰی رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ فِی

اور درود بھیج اوپر روضہ محمد کے بیچ روضوں کے

الرِّيَاضِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی

اور درود بھیج اوپر بدن محمد کے بیچ بدنوں

الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِی الْتُّرَابِ

اور درود بھیج اوپر مٹی محمد کے بیچ مٹیوں کے

Marfat.com

وَصَلِّ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور درود بھیج اوپر بہتر مخلوق کے سردار ہمارے محمد کے

عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ

اور اوپر آل انکی کے اور اصحاب ان کے اور بیویوں ان کی اولاد ان

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَحْبَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

کی کے اور گھر والوں ان کے کے اور دوستوں ان کے سب کے ساتھ رحمت

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۞

اپنی کے اے رحم کرنے والے رحم کرنے والوں کے

## درودِ دوامی

اس دوامی درود شریف کے پڑھنے کا اتنا ثواب ہے ۔جیسا ایک شخص نے تمام دلائل الخیرات کی تلاوت کی ۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشش کرنے والا مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

الٰہی درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمد کے اور اوپر

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ

آل سرور ہمارے محمد کے گنتی اس کی اور اللہ جانتا

صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

ہے ۔ درود ہمیشہ جب تک قائم رہے ملک اللہ کا

میں مروں تیرے نبی کے شہر میں
رہ سکوں تاکہ تیری مہر میں
قبر میری یا اللہ مدینہ میں بنا
میرے آقا سے نہ کر مجھ کو جدا

Marfat.com

# درودِ تنجینا

جو شخص صلوٰۃ تنجینا کو سوتے وقت ایک ھزار مرتبہ پڑھے وہ ایک ہفتہ میں دیدارِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو گا۔

(مزرع الحسنات)

خطرات و مصائب کے وقت یومیہ ستّر مرتبہ پڑھیں۔ نجات دہندہ ہے۔ اولیاء اللہ کا مجرب وظیفہ ہے ہر تکلیف کے وقت زیادہ سے زیادہ پڑھا جائے۔ تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا اور ہمارے

وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

سردار اور آقا کی آل پاک پر ایسا درود بھیج کہ جس کے

Marfat.com

تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ

وسیلے اور برکت سے آپ ہم کو سب خوف اور آفتوں سے نجات

وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا

بخشئے اور جس کے وسیلے اور برکت سے آپ ہماری ساری حاجتیں

بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ

پوری کر دیں اور جس کے وسیلے اور برکت سے آپ ہمکو سب برائیوں

اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ

سے پاک وصاف کرا اور جسکے وسیلے اور برکت سے ہمکو زندگی میں اور

مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِی الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ

مرنے کے بعد تمام مقاصد تک پہنچانے پر

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ

تو ہر چیز پر قادر ہے

Marfat.com

# درود قرآنی

یہ قرآنی درود ہے ۔ اس کے بے شمار فوائد ہیں جو اس مختصر جگہ میں درج نہیں ہو سکتے ۔ مختصراً یہ کہ اس درود قرآنی کے پڑھنے سے رحمت ربی کا بادل فوراً چھا جاتا ہے ۔ اور رحمت برسانا شروع کر دیتا ہے ۔ اس کے پڑھنے سے حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبردست محبت نصیب ہوتی ہے ۔ اس کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ملائکہ آسمان پر اور آدمی زمین پر اگر رحمت کو جمع کرے تو ناممکن ہے کہ ایک حصہ بھی جمع کر سکے ۔

یہ درود شریف بڑا زبردست فائدہ مند ہے اس کو تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام پڑھنے سے حد سے زیادہ کامیابی دینی و دنیاوی حاصل ہوتی ہے ۔ درود قرآنی یہ ھے

---

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

---

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

---

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

اے اللہ میرے درود بھیج اوپر محمد مصطفیٰ کے اور ان کی آل

بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا

پاک کے اور اصحاب پر اس تعداد کے مطابق جو سارے قرآن پاک

بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

میں حرف میں انکے عدد سے ہزار بار زیادہ سے زیادہ

## درود ناریہ

یہ ایسا درود ہے جس کے فوائد لکھنا ممکن نہیں۔ فی الحقیقت یہ درود صدق دل سے پڑھ کر اگر پہاڑ کو انگلی سے اشارہ کیا جائے تو پہاڑ فوراً ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے بھی زیادہ طاقت اس درود شریف میں رکھ دی ہے۔

یہ درود شریف ایک ایسا راز ہے جس کو عارفوں اور خاص الخاص ولیوں کے سوا کوئی بھی نہ سمجھ سکا۔ اس سے بے شمار خاص فوائد ہیں۔

Marfat.com

جنکو اگر لکھا جائے تو دنیا کی سیاہی اور کاغذ ختم ہو جائیں۔ سب سے زیادہ اس درود شریف کا فائدہ یہ ہے کہ جب بھی رنج و ملال ہو یا کوئی مصیبت آجائے تو فوراً اس کو پڑھا جائے انشاء اللہ تمام مصیبتیں منٹوں میں ختم ہو جائیں گی۔

اندھیرا اُجالے میں بدل جائے گا۔ زحمت رحمت میں تبدیل ہو جائے گی۔ درود ناریہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَسَلِّمْ

اے اللہ درود کامل اور سلام تام نازل فرما ہمارے

سَلَامًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ

سردار و مولا حضرت محمد پر اور جن کے طفیل گرہ

Marfat.com

الَّذِی تَحُلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ

کھل جاتی ہے اور بے چینیاں ختم ہو جاتی ہیں اور جن کے طفیل

وَتُقْضٰی بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ

تمام مقاصد حاصل ہوتے ہیں اور اچھا خاتمہ نصیب

وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ

ہوتا ہے وہ کہ سیراب ہوتا ہے بادل ان کی وجہ کریم

الْكَرِيمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ

سے (اسکی تازگی) اور آل پر اصحاب پر اپنے ہر لمحہ سانس

وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُومٍ لَّكَ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ

میں اپنی معلومات کے برابر گنتی میں (یعنی لاتعداد) اے اللہ اے اللہ اے اللہ

Marfat.com

# درُود قلبی

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی ہر ایک دعا قبول ہو اور ہر ایک حاجت اسکی مرضی کے مطابق پوری ہو تو اس کے لئے یہ ایک لاجواب درُود ہے۔ اس کو چاہیئے کہ ہر ایک دعا میں اس کو پڑھے۔ انشاءاللہ اس درُود شریف کی برکت سے اس کی ہر دعا قبول ہو گی۔ درُود قلبی اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے قلب کو منور کرتا ہے۔ اور کامیابی دیتا ہے۔ خاص طور پر جب بھی دعا میں پڑھا جائے گا۔ اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے دعا فوراً قبول ہو جاتی ہے۔

درود قلبی یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی یَاشَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَتِ قُلُوْبِنَا طَیِّبْ ظَاھِرِنَا

Marfat.com

وَبَاطِنَنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ
وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِكَ
اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

سَلَامٌ دَائِمَۃٌ بَدَوَامِ مُلْكِ اللّٰہِ ؕ

# درودِ خاص

درود خاص کے فوائد لکھنا ناممکن ہے اس جگہ صرف اتنا لکھنا کافی ہو گا کہ کوئی بھی رنج آجائے یا مصیبت آجائے تو صدقِ دل سے اس کو فوراً پڑھنا چاہیئے۔ ہر قسم کی مصیبتیں تکلیفیں رنج و غم ختم ہو جاتے ہیں ۔اس درود شریف کا پڑھنا اور تکلیفوں کا مٹنا یقینی بات ہے ۔ پڑھنے والا ولی اللہ بن جاتا ہے ۔

درود خاص یہ ہے

صَلِّ عَلٰی عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ ط

Marfat.com

# درُودِ اوّل

درود اوّل اللہ تعالیٰ نے سب سے زیادہ مقرّب بنایا ہے
اس درود شریف کو پڑھنے والا محروم نہ ہوگا۔ اس کا وِرد کرنے
والا اعلانیہ یہ کہہ سکتا ہے کہ "ناکامیابی نیست"۔ اللہ تعالیٰ بیماریوں
سے نجات دیتا ہے۔ تکالیف دور کرتا ہے۔ دینی و دنیاوی کامیابی
اور اس درود شریف کا یہ خاص فائدہ ہے کہ اس کو اگر کوئی کثرت
سے پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر برائی سے چھوٹ جائے گا۔ عبادت
میں لطف آئے گا اور آدمی عابد اور پرہیزگار بن جائے گا۔ دین سے
دلچسپی رکھنے والے حضرات اگر چاہیں کہ ان کی منزلیں جلد از جلد طے
ہو جائیں۔ تو اس درود شریف کا زیادہ سے زیادہ ورد کریں۔

یہ ایک اکسیرِ اعظم اور بجلی سے تیز قبول ہونے والا وِرد ہے۔
اللہ تعالیٰ کے خاص بندے اس کو پڑھتے ہیں اگر کوئی مسلمان اللہ تعالیٰ
کا خاص بندہ بننا چاہے۔ تو اُس کو پڑھے۔ اس لئے اِس
کا نام اوّل ہے۔ جو لوگ اسکو کثرت سے پڑھتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ
کے پاس اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ اوّل صف
میں داخل ہو جاتے ہیں۔ درُود اوّل یہ ہے :-

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ

اے اللہ درود بھیج اوپر ہمارے سردار محمد جو بزرگ تر

اَنْبِیَآئِکَ وَاَکْرَامِ اَصْفِیَآئِکَ مَنْ فَاضَتْ

نبیوں میں اور برگزیدہ و بزرگ تر نبیوں میں ہیں جس کے نور

مِنْ نُوْرِہٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ

سے ظاہر ہوتے تمام نور اور صاحب ہیں معجزوں کے اور مقام

وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ

محمود کے اور سردار ہیں پہلوں کے

وَالْاٰخِرِیْنَ ط

پچھلوں کے

میں اب وہاں ہوں جہاں عشقِ احمد کا ہے عروج
منزلیں سب ختم ہو جاتی ہیں اے دوست اس منزل کے بعد

Marfat.com

# درود افضل

حافظ سخاویؒ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ حضرت ام المؤمنین جویریہ بنت الحارث نے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص حلف اٹھالے کہ میں آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم پر افضل ترین درود پڑھتا ہوں۔ وہ افضل ترین درود یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِکَ وَرِضَا نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ

# قبر میں سوال

فرمایا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ زیادہ سے زیادہ درود مجھ پر پڑھا کرو۔ کیونکہ سب سے پہلے قبر میں تم سے میرے ہی

Marfat.com

بارے میں سوال ہوگا۔ (معراج ۱۴۳)

دربار حضور میں یہ آخری خواہش ہے
خدا کرے ہو عبدل مرتے دم مدینہ میں

## درود الاقطاب (قطبوں کا درود)

قطب الاقطاب سید احمد البودی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے معمولات سے درود شریف بیان فرماتے ہیں۔ یہ درود شریف انوارات اور کشف حاصل کرنے کے لئے لاجواب ہے۔ دونوں ضروریات اس درود شریف کو کثرت سے پڑھنے سے حاصل ہوتی ہیں۔ اسکو کثرت سے پڑھنے والے کو حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نیند میں نصیب ہوگی۔ رزق بڑھتا ہے اور آسانی سے حاصل ہوتا ہے قطبیت کے درجہ کو حاصل کرنے کے لئے یہ درود شریف بہترین ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ وَمِفْتَاحِ بَابِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ

Marfat.com

نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ ۔

اس درود شریف کے پڑھنے سے اسرارِ الٰہی کھلتے ہیں۔ اور خاص طور پر دین میں دولت اور دنیا میں نعمت اور بیش بہا رزق عطا ہوتا ہے ۔پڑھنے والا قطب کے درجہ تک ترقی کر سکتا ہے۔

# درُود نورُ

سبحان اللہ! یہ درود کیا ہے ۔ ایک اسم اعظم ہے ۔ خداوند تعالیٰ نے اپنے حبیب کے صدقے امتِ محمدیہ کے لئے یہ درود اس دنیا میں ظاہر کیا ہے ۔ اگر کوئی نیک دل ولی اللہ بننا چاہے تو اس کو پڑھے ۔جمعہ کے دن کم از کم ایک سو مرتبہ تو کسی بھی حالت میں اس کو ضرور پڑھنا چاہیئے ۔ اس درود کو پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ دل میں نور پیدا ہوگا اور نور بھی عجیب نور ۔جب اس کے پڑھنے کی عادت ہو جاتی ہے ۔تو اسرار الٰہی کھلتے ہیں ۔اور اسرارِ الٰہی کھلنے کے بعد اس آدمی کا کیا مرتبہ ہوگا ۔ وہ بیان نہیں کیا جا سکتا ۔

یہ درود نور ہے ۔ اس کے ایک ایک حرف میں نور کے سمندر

Marfat.com

سمائے ہوئے ہیں۔ صرف اس جگہ اتنا لکھنا کافی ہوگا۔ کہ اس کے بدولت اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو پڑھنے والے کو ایک ہی دن میں غوث اور قطب اور ابدال بنا دے۔ اس درود شریف کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس دنیا اور اس دنیا کے بیچ کا پردہ اٹھ جاتا ہے۔

---

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ

الٰہی درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد کے جو نور کا نور ہے اور اسراروں

وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَیِّدِ الْاَبْرَارِ ط

کا اسرار اور سردار ہے ظاہر

---

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

رضائے محمدؐ رضائے خدا، اور رضائے خدا رضائے محمدؐ
محمدؐ کے لب پر ثناء ہے خدا کی، اور خدا کے لب پر ثنائے محمدؐ

Marfat.com

# درود العاشقین

سب نبیوں اور رسولوں اور کُل کائنات سے بہتر اور افضل ہمارے پیارے پاک نبی حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ آپ خلقت میں سب سے اوّل ہیں اور کائنات کی اصل ہیں۔ اللہ تبارک تعالےٰ نے اپنے نور سے آپؐ کو پیدا کیا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے تمام مخلوق پیدا ہوئی۔ یعنی اگر آپ کا وجود نہ ہوتا تو یہ کُل کائنات ہرگز ہرگز نہ ہوتی۔ لوح قلم اور کُرسی کی پیدائش سے لے کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک ۳ کھرب ۴۳ ارب ۹ لاکھ ۲۲ ہزار سات سو پچاس برس گیارہ ماہ پانچ دن ہوئے زمین کے پیدائش سے لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش تک ۲۲ لاکھ پچاسی ہزار سال ہوتے ہیں۔ زمین آسمان لوح و قلم اور کرسی ان سب سے پہلے آقائے نامدار حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے نور کا ظہور ہو چکا تھا۔

تمام انبیاء علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی نسبت سے حضور کی امت میں داخل ہیں۔ حضور پر پیغمبری ختم ہو گئی۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا جو ظہور ہو گا۔ تو وہ بھی حضور کی امت کے ایک فرد کی

Marfat.com

حیثیت سے ہو گا۔ اس دنیا میں تشریف لائیں گے۔ اور دین محمدی کی خدمت کریں گے۔ حضور جب معراج کو تشریف لے گئے تو سب کے سب انبیاء کے سردار بن کر ان کو نماز پڑھائی۔ سب کے سب انبیاء آپ پر ایمان لا چکے ہیں۔ اور آپ پر درود شریف پڑھتے ہیں۔ اور حضور سے محبت کرتے ہیں۔

جس نے حضور کی اطاعت کی اُس نے خدا کی اطاعت کی۔ حضور سے محبت خدا سے محبت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عشق عین اللہ کا عشق ہے اور عاشق وہ چیز ہے جس پر اللہ تعالیٰ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتا ہے اور حضور کے بعد اللہ کو سب سے یہ پیارا ہے۔ عاشق ایک چیز ہی اور ہے عاشق کا مقابلہ کون کرے؟ عاشق آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہو گا۔ خود حضور نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو جس سے محبت کرتا ہے۔ قیامت کے دن اسکے ساتھ ہو گا۔

کہتے ہیں عاشق بغیر حساب وکتاب کے سب سے اول جنت میں جا پہنچے گا۔ دیکھئے! عاشق کی شان

حضرت ابو بکر صدیق رضؓ یارِ غار تھے۔ حضرت عمر رضؓ بن الخطاب خاص

Marfat.com

خلیفہ تھے۔ جن کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ اگر میرے بعد کوئی نبی آتا تو عمرؓ آتا۔

حضرت عثمان داماد تھے۔ حضرت مولا علی مشکل کشا چھوٹے بھائی تھے۔ مگر آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا خرقہ مبارک صرف عاشق صادق اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مرحمت فرمایا۔ اور اس تحفہ کو حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ خود لے کر حضرت اویس قرنی کے پاس گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ فقط یہ تحفہ بھیجا بلکہ اس سے بھی زیادہ ان کی عزت کی۔ اور فرما بھیجا کہ اویس سے کہنا کہ امت محمدی کے نجات کی دعا کرے۔ سبحان اللہ عاشق کی دعا فوراً قبول ہو جاتی ہے۔

اور دیکھئے عاشق کی شان! حضرت امیر خسرو اپنے پیر حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ پر عاشق تھا۔ عشق سچا تھا اور پائیدار۔ جب وقتِ مرگ آیا تو خواجہ نظام الدین اولیاءؒ نے عام اعلان کیا کہ اگر شریعت اجازت دیتی تو میں وصیت کرتا کہ مجھ کو اور خسرو کو ایک ہی لحد میں دفن کرنا۔ سبحان اللہ کیا شان کی بات کہی۔ عشق ہو بھی جاتا ہے اور کیا بھی جاتا ہے۔ اگر کیا جائے تو عشق کرنے کا آسان طریقہ درود العاشقین کا کثرت سے ورد ہے۔ عشق وہی ہے جو عشقِ حقیقی اور بامراد ہے۔

Marfat.com

درود العاشقین عاشقوں کا معراج ہے ۔ ان کا تاج اور انکے درجات بلند کرنے والا آلہ ۔ اس درود کو پڑھنے والا عاشق ہے ۔ اور اس میں کوئی شک نہیں ۔ درود العاشقین یہ ہے :۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ الْھَاشِمِیِّ الْقَرَشِیِّ الْمَکِّیِّ الْمَدَنِیِّ الْعَرَبِیِّ وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحِجَازِیِّ الْحَرَمِیِّ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ ۔

یہ درود نہیں اک انمول گنجینہ ہے
عاشق کے معراج کا آسان زینہ ہے

# درودِ طیّب

اس درود شریف میں بہت سے راز ہیں جو پڑھنے سے کھلیں گے یہ بہترین درود ہے ۔ اگر انسان گناہوں سے چمٹا رہے اور ہر طرف

Marfat.com

سے ناکامی اور شرمندگی کا احساس ہو۔ اس کا دل خود بخود گواہی دے کہ ساری زندگی گناہوں میں گزری۔ اب آخری زندگی میں کیا خاک مسلمان ہوں گے۔ اگر اس کا اپنا دل کہہ رہا ہے کہ اب سزا کے لئے تیار ہو جا۔ کسی چیز سے اس کو کوئی شفا اور کسی عالم فقیر عامل سے اس کو کوئی فیض نہیں پہنچتا تو وہ اس کو پڑھے۔

اس درود شریف کو درود نہیں بلکہ وظیفہ کہا جائے تو بھی نہایت موزوں ہے کیونکہ فوراً فائدہ ہوتا ہے لیکن کم از کم ۳۱۳ مرتبہ ۲۴ گھنٹوں میں ضرور پڑھنا چاہیے۔

اس میں حاضری کا صیغہ ہے۔ بڑا زبردست درود ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس کے پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ درود طیّب یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشش کرنے والا مہربان ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدَنَا

سلام ہو تم پر اے گناہگاروں کے بخشوانے والے ہمارے سردار

Marfat.com

وَمَوْلَانَا اَحْمَدَنِ الْمُجْتَبٰی مُحَمَّدَنِ الْمُصْطَفٰی وَ

و آقا احمد مجتبٰی حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ وَاَزْوَاجِکَ وَاَحْبَابِکَ

آپ کی اولاد اور اصحاب اور بیویوں دوستوں

وَذُرِّیَاتِکَ وَاَھْلِ بَیْتِکَ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ

اور رشتہ داروں اور گھر والوں اور اطاعت کرنے

اَجْمَعِیْنَ ط

والوں ان تمام پر

بڑی آس لے کر آپ پر صلواۃ وسلام پڑھتا ہوں
نہ جائے بھکاری کہیں آپ سے ہاتھ خالی !
اُمیدوں کی جھولی کو رحمت سے بھر دے اے رحمت للعالمین
ہے بخشش میں آپ کی ذات ، ذات گرامی

Marfat.com

مرنے کے بعد لحد سے آواز آئیگی ہے عبدل آپکا سوالی
دنیا میں جو تھا اب بھی ہے یہ آپ کا متوالی

# درُود کوثر

جس کو تمنّا ہو کہ ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض کوثر سے حسب خواہش ساغر ملے تو اس کو چاہیئے کہ درود شریف کا کثرت سے ورد کرے نہ فقط یہ بلکہ اس کو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن پیاس کی شدت نہیں ستائے گی۔ یہ درود شریف ایک مجرّب دوا بھی ہے اگر آدمی چاہے کہ اس کو گرمی تکلیف اور ملال قیامت میں نہ ستائے تو کثرت سے اس کو پڑھے۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اپنے وقت کے زبردست فقیر گزرے ہیں۔ جن سے خود اللہ تعالےٰ بہت راضی تھا اور جن کے حضرت حبیب عجمی جیسے بزرگ تو صرف شاگرد اور مرید تھے۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی انسان یہ تمنا رکھتا ہے کہ خدا کا قرب حاصل ہو تو وہ درود کوثر پڑھا کرے۔ درود کوثر یہ ہے:-

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشش کرنے والا مہربان ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡاَوَّلِیۡنَ

الٰہی درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد پر پہلوں کے درمیان اور

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡاٰخِرِیۡنَ وَ

درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد پر نبیوں کے درمیان اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیۡنَ وَصَلِّ

درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَصَلِّ عَلٰی

مصطفٰے پر رسولوں کے درمیان اور درود بھیج ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡمَلَاءِ الۡاَعۡلٰی اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ ط

حضرت محمد پر ملائک مقربین کے درمیان قیام قیامت تک

Marfat.com

دل کی قوّت ———————— ذکرِ الٰہی میں
دماغ کی توانائی ———— تلاوت قرآن پاک میں
جسم کی تندرستی ———————— نماز میں
رُوح کی راحت ———— درود شریف میں ہے

# درُودِ اعلیٰ

اس درود شریف کو کہتے ہیں کہ حضرت امام شافعی رحؒ نے ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا اور فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے تم سے کیا معاملہ فرمایا۔ جواب دیا کہ مجھ کو بخش دیا۔ اور اعلےٰ سے اعلےٰ اعزاز دیا۔ سب سے بڑی چیز کہ میرا کوئی بھی حساب کتاب نہ ہوا۔ امام صاحب نے فرمایا یہ کیوں اس نے جواب دیا کہ یہ درود شریف جو میں پڑھتا تھا۔ اُس کی برکت ہے۔

---

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

---

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور بخشش کرنیوالا ہے

---

Marfat.com

صَلِّ علیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ

الٰہی ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ پر درود بھیج

اَلصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ ط

جو اُنکے لائق درود ہے

صلواۃ ناصری میں لکھا ہے کہ یہ درود شریف بہت مقبول ہے جو شخص اسے ہمیشہ ورد میں رکھے گا۔ تو تمام مخلوق سے ممتاز ہو کر رہیگا بدامنی، راہزنی، خوف، حادثات، چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا واقعی اعلیٰ مرتبہ کا یہ درود شریف اس دنیا میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں پر احسان کر کے عطا فرمایا ہے۔ خدا سب کو پڑھنے کی توفیق دے۔

## درودِ شافعیؒ

احیاء العلوم میں مذکور ہے کہ ایک بزرگ ابوالحسن شافعی کو خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور عرض کی کہ یا رسول اللہ امام شافعیؒ کو آپ کی بارگاہ سے کیا انعام

Marfat.com

ملا۔ انہوں نے اپنی کتاب "الرسالۃ" میں یہ درود لکھا ہے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اُن کو ہماری جانب سے یہ انعام دیا گیا کہ بروز قیامت انکو بلا حساب جنت میں داخل کیا جاوے گا (سبحان اللہ)

# دُرود اُولی العزم

اس کو صلوٰۃ اولی العزم کہتے ہیں۔ یہ لاجواب نسخہ ہے۔ حضرت یوسف بنہانی فرماتے ہیں کہ یہ درود چالیس خاص دُرودوں میں سے ایک ہے۔ حضرت سیّد ابی عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی الشریف الحسینی فرماتے ہیں کہ جس شخص نے اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھا تو اس نے پورا دلائل خیرات کتاب ختم کیا۔ دلائل خیرات کتاب میں ہزارہا درود لکھے ہوتے ہیں۔ درود اولی العزم یہ ہے:-

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ آدَمَ وَنُوْحٍ وَاِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی وَمَا بَیْنَهُمْ

Marfat.com

مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۔

(اے اللہ درود وسلام بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ اور آدم علیہ السلام ۔ نوح علیہ السلام ۔ موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے بیچ میں جو کل نبی اور مرسل آئے اُن پر)

# درُودِ غوثیہ

یہ وہ پاک درود شریف ہے جس پر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اپنے اوراد و وظائف کو ختم کیا ہے ۔ "مطالع المسرت" میں مذکور ہے کہ اکابر اولیاء اکرام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص روزانہ صبح وشام اس درود شریف کو دس بار پڑھے گا ۔ تو پڑھتے ہی اللہ تعالیٰ اس کو اپنی بارگاہ میں حضوری عطا فرمائے گا اور اُس آدمی پر رحمتوں کا نزول اس قدر ہو گا جس کا کوئی حساب نہیں ۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہر بدی سے محفوظ رکھے گا ۔ یہ درود بڑے سے بڑا فائدہ والا ہے ۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہر مسئلہ جلد آسان ہو گا اور ہر مشکل غیب سے آسان

Marfat.com

ہو جائے گی۔ درود غوثیہ یہ ہے :-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّابِقِ

الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم

لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَتُهٗ لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ

پر جن کا نور ساری مخلوق سے پہلے پیدا ہوا اور ان کا ظہور

عَدَدَ مَنْ مَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ

تمام کائنات کے لئے رحمت ٹھہرا شمار میں تمام مخلوق اگلی اور

سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ

پچھلی کے برابر اور ہر ایک نیک بخت اور بد نصیب کی گنتی کے برابر

الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِهِ الْحَدَّ صَلٰوةً لَا غَايَةَ

اور ان پر وہ درود بھیج کہ وہ گنتی میں نہ آسکے اور تمام حد کا احاطہ کرے

Marfat.com

لَهَا وَلَا مُنْتَهیٰ وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوةً دَائِمَةً

اور درود جس کی نہ غایت اور نہ انتہا اور نہ تمام ہونا اور وہ

بِدَوَامِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

اور وہ درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائم رہے اور انکی آل واصحاب

تَسْلِيْمًا مِثْلَ ذَالِكَ

اور ایسے ہی ان پر سلام نازل فرما

تابش حسنِ محمدؐ مدنی کو دیکھ کر
ہر چمکتے ہوئے تارے کو پسینہ آیا
یہ وہ چمک تھی یہ وہ نور کا جلوہ تھا
قسم خدا کی عبدل کو یہ عرش تک کھینچ لایا
لکھا تھا کشتی نوح پر نام محمد اسم گرامی
ہوتا ہے اس سے صاف ظاہر اسم اعظم ہے یہ نام نامی
جبرئیلؑ قاصد خالق پیامی
حاضر دو عالم بہرِ سلامی

Marfat.com

# درود الفاتح

مولانا ابو المفارب شیخ شمس الدین ابن ابو الحسن البکری ؒ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف حضرت ابو بکر صدیق رضؓ کے معمول میں تھا کہ اُن کے طریقہ میں تھا۔ اس درود کی بدولت اللہ تعالےٰ نے انکو صدیق کا درجہ عطا فرمایا۔ اس وجہ سے ابو بکر رضؓ کو صدیق اکبر کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے معرفت کے درجے طے ہوئے اور مقام صدیقیّت جو آپ کو حاصل ہوا۔ وہ اس درود کے وِرد سے بعض سادات فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف قرآن مجید میں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں ہی اس کو اتارا بعض سادات فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔ کچھ اولیاء اللہ اور کچھ سادات فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا چار ہزار (۴۰۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

حضرت ابو المقارب رضؓ فرماتے ہیں کہ اس درود کو جو شخص ۴۰ دن پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ بخش دے گا۔

Marfat.com

شیخ المشائخ حضرت محمد بکریؒ فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کا زندگی میں ایک مرتبہ پڑھنا آخرت میں دوزخ کی آگ سے نجات دلاتا ہے۔ (سبحان اللہ)

جو شخص سو مرتبہ روزانہ درود فاتحہ پڑھے تو اس کے اندھیرے کے پردے دور ہو جائیں گے اور نور حاصل ہو گا۔ اس کی وہاں تک نظر جائے گی۔ جہاں انسان کی رسائی بھی نہیں۔ یعنی دل میں اتنا نور پیدا ہو گا۔ جیسا کہ حضرت عمرؓ کو مدینہ میں کوہ جبل دیکھنے میں آیا اور ساریہؓ کو جنگ میں خاص احکام دئیے۔

حضرت سید احمد حلان رحمت اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ درود شریف غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی کو پسند تھا اور ان کا یہ درود خاص تھا۔ یہ آب حیات ہے۔ شروع بیچ اور آخر میں یعنی ہر جگہ ہر وقت کئی عارفوں نے فقط اس درود شریف کا ذکر کیا ہے۔ اور حدِ کمال کو پہنچے ہیں۔ یہ درود شریف خاص الخاص عجائبات اور رازوں میں راز ہے اس کے ذکر سے ایسے نور کے پردے کھلتے ہیں اور ایسا نور پیدا ہوتا ہے جس کی قدر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی نہیں کر سکتا۔ اس کے سو مرتبہ

Marfat.com

ہر روز ورد سے ایسے دروازے کھلتے ہیں اور ایسے نور پیدا ہوتے ہیں جن کا ذکر قریباً ناممکن ہے اور جن کو سوائے اللہ تبارک و تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا۔

حضرت شیخ یوسف بن اسماعیلؒ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف کرامات کا موتی ہے۔ سید محمد الکبریؒ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف "درود فاتح" ایک ایسا عجیب درود شریف ہے جس کو میں نے ایک برس پڑھا۔ حج کو گیا۔ اور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت نصیب ہوئی۔ اس کے علاوہ منبر اور روضہ شریف کے بیچ والے حصّہ میں بیٹھ گیا۔ جب وہاں بیٹھا تھا تو حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضور نصیب ہوا۔

اس درود شریف کے ورد کی وجہ سے ان کو اپنی شفاعت کا یقین دلایا۔ مزید حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تم کو اس درود سے برکت دے اور تمہاری اولاد اور اولاد کی اولاد کو برکت دے۔ (سبحان اللہ)

اس درود شریف پر اکثر عارفین متفق ہیں کہ اللہ تعالےٰ کے کلام میں

Marfat.com

میں تھا۔ اس درود اور نور میں کوئی فرق نہیں۔ یہ نور کی چابی ہے۔ فتح اور کامرانی کی چابی اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی محبت کی چابی۔

دنیا کا کوئی انسان مکمل طور پر اس درود شریف کی فضیلت کو بیان نہیں کر سکتا۔

مؤلف کتاب ہذا کی عرض ہے کہ اس درود شریف کو جمعہ کے دن کم از کم ایک مرتبہ تو ضرور پڑھنا لازم ہے۔ اس ایک مرتبہ سے ہی بہت سے کمالات حاصل ہوں گے۔ (آمین)

## درُود الفاتح

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِىْ اِلٰى صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ ط

## درُود حضوری

حضرت شیخ عبداللہ بن النعمان رحمۃ اللہ علیہ نے آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

کو ایک سو بار نیند میں دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ کون سا درود پڑھوں جو آپ کو سب سے زیادہ پسند آتے ۔

آقائے صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو :۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَأَصْبَحَ فَرِحًا مَسْرُوْرًا مُؤَيَّدًا مَنْصُوْرًا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ط

ترجمہ ۔ اے اللہ حضور محمد مصطفےٰ پر درود بھیج ایسا کہ انکا قلب آپ کے جلال سے اور ان کی آنکھیں آپ کے جمال سے بھر جائیں اور صبح کر دے فرحت تائید فتح اور تیری مدد کامل سے ۔

## اللہ اور رسول

اللہ تعالیٰ اپنے رسول کے ذکر کو اپنا ذکر قرار دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ : اِنَّمَا جَعَلْتُ ذِكْرَكَ ذِكْرِىْ

درود ہی ہے جو رسول کا ذکر اور خدا کا ذکر ہے ۔

Marfat.com

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ امّت کے لئے آسان طریقے آسان عبادات اور آسان عمل کی تعلیم فرماتے۔ آپ سے زیادہ امت پر مہربان کوئی نہیں۔ آپ نے اس وجہ سے مختلف صحابہ کو مختلف الفاظوں میں درود شریف پڑھنے کا طریقہ بتایا ہے۔ تاکہ کوئی خاص درود یا کوئی لفظ خاص طور سے واجب نہ بن جائے اور امت کو تکلیف ہو۔ اس کے یاد کرنے اور پڑھنے وغیرہ میں۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رض فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اور صحابی حضرت کعب رض سے میری ملاقات ہوئی اور حضرت کعب نے کہا "اے عبدالرحمٰن تجھ کو ایک ایسا ہدیہ دوں جو میں نے حضور سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ میں نے کہا ضرور دو۔ حضرت کعب رض نے فرمایا کہ ہم نے حضور کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسول اللہ آپ پر درود شریف کن الفاظ سے پڑھا جائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس طرح پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

Marfat.com

مَجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ
اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

حضرت ابو مسعود بدری رضی فرماتے ہیں کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم سعد بن عبادہ رض کی مجلس میں تشریف لائے۔ اور حضرت بشیر رض نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ نے ہمیں درود پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

پس آپ ارشاد فرمائیں کہ کس طرح درود پڑھیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ درود پڑھا کرو۔ (جو اوپر لکھ چکے ہیں۔

التحیات میں بھی یہ درود پڑھا جاتا ہے۔ اور یہ عجیب عبادت ہے کہ اس میں اللہ کو یاد کرو اور اس کے رسول کو بھی۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص یہ قسم کھا بیٹھے کہ میں سب سے افضل درود پڑھوں گا تو اس درود کو پڑھنے سے قسم پوری ہو گی۔

Marfat.com

# پرہیز

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً (محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم)

- بلاشبہ قیامت میں لوگوں میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب وہ ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجتا ہے۔
- حضور اقدس سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم پر ہر لمحہ ہر وقت درود شریف کثرت سے پڑھنا باعثِ نجات اور پاکی ہے۔

**سات** اوقات ایسے ہیں جن میں حضور پر درود پڑھنا مکروہ ہے۔ ان کا خیال رکھا جائے۔

۱۔ پیشاب پاخانہ کے وقت۔

۲۔ عورت سے صحبت کرتے وقت۔

۳۔ ٹھوکر کھانے کے وقت۔

۴۔ کسی چیز کو کاٹنے یا ذبح کے وقت۔

۵۔ چھینک آنے کے وقت۔

Marfat.com

۶۔ تعجب کے وقت۔

۷۔ قرآن شریف کی تلاوت کرتے وقت اگر بیچ میں حضور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آجائے تو اس وقت۔

ان سات اوقات کے علاوہ چوبیس گھنٹوں میں ہر سانس میں محسن اعظم سید البشر رحمت للعالمین حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا جائے تحقیق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا کہ

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً (بے شک قیامت کے دن وہ شخص مجھ سے زیادہ سے زیادہ قریب ہوگا۔ جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجتا ہے) حق!

# درودِ محمدیؐ

ایک ایسا درود جو ہر کام کیلئے عجیب طاقت ہے

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا امت پر ایک نہیں بلکہ کئی کروڑ سے زیادہ احسانات ہیں۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ سب سے زیادہ یہ کہ ہم بدکار گنہگار اور غافل ہو کر سستی اور کاہلی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

Marfat.com

مگر حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم ہر وقت بارگاہِ ایزدی میں اپنی گنہگار امت کی بخشش کے لئے کوشاں ہیں۔

اگر دن میں اس پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس کے احسانات کے نیچے ہماری گردنیں جھکی ہوئی ہیں۔ ان پر ایک بار بھی یہ درود شریف پڑھ لیں تو اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ دس مرتبہ پڑھنے والے پر رحمتیں نازل فرمائے گا۔ اور دس نیکیاں دے گا۔ ساتھ ہی ساتھ اس کے دس درجات بلند فرمائے گا۔

نہ فقط یہ بلکہ اس کتاب میں جتنے بھی درود شریف ہیں۔ ان میں سے یہ درود افضل ہے۔ آج تک اللہ تعالےٰ کے سوائے کسی کو طاقت نہیں کہ اس درود شریف کے فوائد یا فضائل بیان کر سکے۔ اگر ساری کتاب کو وقف کر دیا جاتا تو بھی اس درود شریف کے فضائل سے صرف ایک فضیلت کی چوتھائی بھی بیان نہ کر سکتے۔ یہ ناممکن ہے کہ اس درود کے پورے معنی بھی لکھ دے جائیں۔ اس لئے اس درود شریف کو عارفان وقت نے درود محمدّی کہہ کر پکارا ہے۔ کیونکہ یہ خاص حضور کے لئے ہے اور حضور کی محبت کے لئے۔

Marfat.com

یہ درود نہیں بلکہ ایک طاقت ہے جس کو اللہ تعالےٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ کیسی طاقت ہے۔ اس کو بھی کوئی بشر بیان نہیں کر سکتا۔

درود محمدی اللہ تعالےٰ کی بندوں پر نعمت ہے۔ اس نعمت سے فائدہ اٹھانا آسان ہے۔ اگر صرف ایک مرتبہ بھی اس درود شریف کو پڑھ لیا جائے تو آدمی رحمت میں سر تا پا ڈھک جاتا ہے۔

بفضلِ باری تعالیٰ اس درود شریف کو دراصل سنہری حروف میں اس جگہ لکھنا لازمی تھا۔ مگر فی الحال اس کتاب میں اس سیاہی سے لکھا جا چکا ہے۔

## درُود محمدی یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ سلامتی بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت محمد

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ

کی آل اولاد پر۔ جو ہیں بندے اور رسول نبی ان پڑھ

Marfat.com

الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ صَلٰوۃً

اس مقدار میں کہ تعداد ہو اتنی جتنی مخلوق سانس لیتی ہے درود

دَائِمَۃً بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰہِ ط

اتنا جب تک قائم رہے تمہاری مخلوق

راز کیا لکھیں اللہ تعالےٰ ہی بہتر اس درود شریف کی طاقت کو جانتا ہے اور دنیا میں کوئی بھی اس درود شریف کے متعلق مکمل طور پر کچھ بیان نہیں کر سکتا۔ کیونکہ یہ درود ایک ایسی زبردست طاقت اور راز ہے جس کو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی جانتی ہے۔

پڑھ رہا ہے ادب سے اوّل اور آخر
یہ عاجز عبدل یا رسول اللہ آپ پر سلام
پڑھ رہا ہے شوق سے شام و سحر
خود خدا بھی اور فرشتے آپ پر سلام
صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# حضور پاک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا نسخہ

۱۔ جذب القلوب میں ہے کہ جو شخص پاکی اور طہارت کے ساتھ اس درود شریف کو ہمیشہ کم از کم ۳۱۲ مرتبہ پڑھا کرے گا۔ تو حق تبارک وتعالیٰ خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف فرمائے گا۔ یہ درود شریف کم از کم ۳۱۲ مرتبہ پاکی کے ساتھ پڑھنا چاہیئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ

اے اللہ درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل

کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

پر جو کہ پسندیدہ ہے تمہارا

۲۔ مفاخر الاسلام میں ہے کہ جو کوئی جمعہ کے روز ہزار بار یہ درود شریف پڑھے گا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ

Marfat.com

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ تو حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرّف ہوگا یا جنّت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔ کم از کم پانچ جمعوں تک یہ عمل کرے۔

۳۔ جامع التفاسیر میں ہے کہ جو کوئی جمعہ کی شب کو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ (الحمد شریف) اس کے بعد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ بار قل ھو اللہ احد پڑھے اور بعد از سلام سو بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ۔

تو انشاء اللہ تعالیٰ تین جمعہ تک حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرّف ہوگا۔

۴۔ جمعہ کی شب کو دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ قل ھو اللہ شریف کو پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ پانچ جمعہ کے اندر انشاء اللہ زیارت نصیب ہو جائے گی۔

Marfat.com

# دین و دنیا میں سو فیصدی کامیابی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

یہ لازوال دولت ہے اور بہت آسان بھی۔

بعد نماز جمعہ کے مدینہ منوّرہ کی طرف منہ کر کے یا کعبۃ اللہ کی طرف مُنہ کر کے دست بستہ ہو کر اکیلے یا مجمع کے ساتھ جیسا بھی ہو مسجد میں یا گھر میں نماز فجر یا ظہر کے بعد خواہ عصر کی نماز کے بعد جب وقت مِلے پڑھیں۔

## خاص طور پر عورتیں

اپنے اپنے گھروں میں پڑھیں جتنا ہو سکے دس بار پندرہ بار یا بارہ بار، تیرہ بار یا سو بار کوئی قید نہیں۔ گیارہ بار بھی افضل ہے۔

اب اس کے فوائد اور برکات جو حدیث شریف سے ثابت ہیں۔ وہ ذرا ملاحظہ فرمائیے۔ ذرا غور سے:

۱۔ اسکے پڑھنے والے پر اللہ عزّوجل فوراً اپنی رحمتیں اتارتا ہے۔

Marfat.com

۲ - اس پر دو ہزار بار (۲۰۰۰) اپنا سلام بھیجتا ہے۔ (سبحان اللہ)

۳ - فوراً پانچ ہزار نیکیاں اسکے نامۂ اعمال میں لکھ دی جاتی ہیں۔

۴ - اس کے پانچہزار گناہ معاف فرما دیئے جاتے ہیں۔

۵ - اسکے پانچہزار درجات بلند کر دئے جاتے ہیں۔

۶ - ایک دم اُس کے ماتھے پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ شخص منافق نہیں۔

۷ - اس کی پیشانی پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ شخص دوزخ کی آگ سے آزاد ہے۔

۸ - اسکو قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ رکھا جائے گا۔

۹ - جب تک درود میں مشغول رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کے معصوم فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔

۱۰ - اللہ تبارک و تعالےٰ اس کی تین سو حاجتیں پوری فرمائے گا ۲۱۰ آخرت میں ۹۰ دنیا میں۔

۱۱ - اس کے دین میں زبردست ترقّی ہو گی۔

۱۲ - اولاد میں عالی شان برکت دے گا۔

۱۳ - اللہ اُس کو اپنا محبوب بنائے گا۔

Marfat.com

۱۴- دل میں اس کی محبت رکھے گا۔

۱۵- اس کا ایمان پر خاتمہ ہو گا۔

۱۶- قبر و حشر میں پناہ میں رہے گا۔

۱۷- قیامت کے دن عرش کے سایہ میں ہو گا۔

۱۸- حضور اکرم کی شفاعت اس کے لئے واجب ہو گی۔

۱۹- حضور پر نور قیامت کے روز اس کے گواہ ہوں گے۔

۲۰- میزان میں اس کی نیکیوں کا پلہ بھاری ہو گا۔

۲۱- قیامت کی پیاس سے محفوظ رہے گا۔

۲۲- حوضِ کوثر پر حاضری نصیب ہو گی۔

۲۳- پُل صراط پر آسانی سے گزر جاتے گا۔

۲۴- قیامت میں اس کے لئے نور ہو گا۔

۲۵- رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ہو گا۔

۲۶- قیامت میں حضور پر نور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ مصافحہ فرمائیں گے۔

۲۷- اللہ اس شخص سے ہمیشہ راضی ہو گا کبھی ناراض نہ ہو گا۔

Marfat.com

۲۸۔ سب سے اعلیٰ اعزاز اس کو یہ ہوگا کہ پانچہزار فرشتے پڑھنے والے اور اس کے باپ کا نام لے کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کریں گے کہ یا رسول اللہ علیہ وسلم فلاں بن فلاں حضور پُر نور آقائے نامدار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام عرض کرتا ہے۔ آپ ہر مرتبہ اس کے جواب میں ارشاد فرمائیں گے کہ فلاں بن فلاں پر میری طرف سے سلام اور اللہ کی رحمت اور اللہ کی برکتیں (سبحان اللہ تعالیٰ)

نوٹ: ہم چاہے کتنے ہی پاک دامن ہوں۔ کتنے ہی نیک بخت اور شریعت کے پابند لیکن ہمارا فرض ہے کہ اپنی بیویوں کو اس بات کا حکم دیں کہ ہر جمعہ کو اسکو اسطرح پڑھیں جس طرح اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔ کیونکہ ہمارا جب بیویوں پر حق ہے تو ان کا بھی ہمارے اوپر حق ہے۔ ہمارے اوپر ان کا یہ حق ہے کہ ہم انکو یہ بات سمجھائیں۔ اور اس کے متعلق سختی بھی کریں۔ کیونکہ جس گھر میں جمعہ کے دن یہ درود ہوگا۔ اس گھر پر رحمتیں ہر طرف سے مالا مال ہو جائیں گی۔ ہم اپنی بیویوں کے متعلق بھی تھوڑے بہت جوابدہ ہیں۔ ہم کو ہدایت ضرور کرنا چاہیئے کہ

Marfat.com

کم از کم پانچ منٹ نکال کر جمعہ کے دن اس کا ورد کریں۔
اللہ تعالیٰ ہم سب کو نیکی کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ وَالْاُمِّیِّ وَآلِہٖ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ

غریبوں کے آقا یتیموں کے مولا اے تاجدارِ مدینہ
لے دے کے عبدل کی ہے بس اتنی ہی تمنّا
دفن میرا ہو سامنے در آپ کے سرکار مدینہ

# التجا

بُلا لے مدینہ میں اب عبدل کو
نہ در در پھرایا مجبوب کبریا
مدینہ میں مولا یہ جا کر مرے
غلام آپ کا یا محبوبِ کبریا
شفا یہ مجھ کو تیری اپنے گناہوں کا ناز ہے
اُمتی ہوں آپ کا شفیع الامم لقب پانے والے آپ ہیں

Marfat.com

کمال اتباع سنت و غلبۂ محبت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے زیارت آسانی سے ہو جاتی ہے۔ بہر حال یہ زیارت جنت کا پروانہ اور اللہ تعالیٰ کے راز کی کھلم کھلا سند ہے۔

۱۔ قول بدیع میں خود آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد نقل کیا ہے کہ "جو شخص روح محمد پر ارواح میں آپ کے جسد اطہر پر بدنوں میں آپ کی قبر مبارک پر قبور میں درود بھیجے گا۔ وہ مجھے خواب میں دیکھے گا۔ اور جو مجھے خواب میں دیکھے گا۔ وہ قیامت میں دیکھے گا۔ اور جو مجھے قیامت میں دیکھے گا۔ میں اس کی سفارش کروں گا اور جس کی میں سفارش کروں گا وہ میرے حوض سے پانی پیئے گا۔ اور اللہ جل شانہٗ اس کے بدن کو جہنم پر حرام فرما دیں گے۔

حضرت ابوالقاسم بستیؒ اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ جو شخص یہ ارادہ کرے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے وہ یہ درود پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی۔

Marfat.com

جو شخص اس درود شریف کو طاق عدد کے موافق پڑھے گا۔ وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرے گا۔

جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ باوضو ایک پرچ پر محمد رسول اللہ ۳۵ مرتبہ لکھے اور اس پرچ کو اپنے ساتھ رکھے اللہ جل شانہٗ اسکو طاعت پر قوت عطا فرمائے گا۔ اور روزانہ طلوع آفتاب کے وقت درود شریف پڑھتے ہوئے غور سے دیکھتا رہے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں کثرت سے ہوا کرے۔

۳۔ حضرت قطب ربّانی غوث صمدانی محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحؒ اپنی تصنیف میں لکھتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر ایک رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیت الکرسی پڑھے بعد میں ۱۵ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

تو انشاء اللہ تعالیٰ اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک وہ شخص اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھ لے گا۔

Marfat.com

محمد مصطفٰے کا جب زبان پر نام آجائے
ادب سے اس مقدس نام پر صلِّ علیٰ پڑھیے
غم الم مصیبت مظالم فاقے تشنگی اور ہر آفت
یہ سب کافور ہو جائیں اگر صلِّ علےٰ پڑھیئے
ہر اک ذرہ نشانِ منزل مقصود بن جائے
جو راہِ شوق میں ہر گام پر صلِّ علےٰ پڑھیئے
ہر کام میں رازِ کامیابی عبدؔل کا صرف یہ ہے
کہتا ہے نام احمد مختار پر صلِّ علیٰ پڑھیئے

## آرزو جس پر دَم نکلے

یہ حسرت ہے رہوں میں جیتے جی درگاہ عالی میں
نہیں دم بھر مجھے فرقت گوارا یا رسول اللہ
جہاں میں خوار ہوں گنہگار ہوں بدکار ہوں لیکن
تمہارا ہوں تمہارا ہوں تمہارا یا رسول اللہ
تمنّا ہے بلالو اپنے در پر اس مدینہ کے بھنگی کو
پھروں کب تک جہاں میں مارا مارا یا رسول اللہ

Marfat.com

جھاڑو دے گا دن رات عبدل اس شہر کے کوچوں کو
بس اب بلا لیجئے اب تو خدا را یا رسول اللہ

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

## الصلوۃ معراج المومنین

نماز مومنوں کی معراج ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک امتی نے ادب سے عرض کیا:

## السلام معراج العاشقین

درود عاشقوں کی معراج ہے

# عجیب سے عجیب

شیخ عبدالوہاب متقی نے شیخ عبدالحق رح کو جب زیارت مدینہ منورہ کے لئے رخصت کیا تو فرمایا اس سفر میں فرائض کی ادائیگی کے بعد کوئی بھی عبادت درود سے بڑھ کر نہیں۔ درود شریف اے عبدالحق

Marfat.com

اس قدر کثرت سے پڑھنا کہ زبان تر ہو جائے۔ یاد رکھو درود کا کوئی عدد متعین نہیں جتنا پڑھا جائے کم ہے اس کے فوائد لامحدود ہیں۔

عبد اللہ بن مسعودؓ جلیل القدر صحابی تھے۔ جب نماز پڑھ رہے تھے۔ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آپ کے ساتھ حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ بھی موجود تھے۔ جب نماز کی ادائیگی کے بعد بیٹھے تو اول اللہ تعالیٰ کی حمد کی۔ پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا۔

پھر اپنے لئے دعا مانگی۔ اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سن کر فرمایا۔ "مانگ دیا جائے" (یعنی جو بھی مانگے گا ملے گا)

حضرت مولانا عبد القادر سیفی الحسینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھ کو جو کچھ ملا وہ درود شریف کی کثرت سے ملا۔

حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمیشہ ہمیشہ درود و سلام بھیجتے رہو۔

## حضرت عائشہؓ

حضرت عائشہؓ نے ارشاد فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کا ارشاد ہے کہ جس شخص کے لئے یہ چیز خوشی کا باعث ہو کہ وہ کل یعنی قیامت کے روز اللہ تعالےٰ سے خوشی کے ساتھ ملاقات کرے تو وہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرے۔

## عبداللہ بن جوادؓ

عبداللہ بن جواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ فرائض کو پوری کوشش کے ساتھ ادا کرو۔ اس لئے کہ یہ چیز بیس مرتبہ اللہ تعالےٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے افضل ہے اور مجھ پر درود پڑھنا ان تمام امور کے برابر ہے۔

## حضرت انسؓ

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اے لوگو! تم میں سے قیامت کے دن اس کی پریشانیوں اور مصیبتوں سے سب سے زیادہ نجات حاصل کرنے والا مجھ پر دنیا میں زیادہ درود پڑھنے والا ہو گا۔

Marfat.com

# جابر بن سمرہؓ

جابر بن سمرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور پرنور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد مجھ پر ایک سو مرتبہ درود پڑھے گا۔ تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس شخص کی ایک سو حاجتیں پوری کرے گا۔

# رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا

جو مجھ پر ایک درود بھیجے گا اللہ تعالےٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں رحمتیں نازل کرے گا۔ درود شریف پڑھنا ایک عجیب دل و دماغ کو معطّر کرنے والی نیکی ہے۔ ایک درود شریف پڑھنے سے دس نیکیوں کی جزا ملتی ہے۔ یہ حدیث شریف سے ثابت ہے کہ ایک درود پڑھنے سے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

Marfat.com

# اللہ تعالیٰ نے فرمایا

مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا

(ایک نیکی کو اللہ تعالیٰ بڑھا کر دس نیکیوں کا ثواب عطا کرتا ہے)

اب ظاہر ہے کہ جب ایک درود دس نیکیوں کے برابر ہے تو دس نیکیاں اللہ کے فضل و کرم سے سو نیکیوں کے برابر اجر حاصل کریں گی۔ اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا ہے۔ اب ہمارے لئے ہے کہ لوٹیں یہ خزانہ۔

# عذاب

امام جعفر بن محمد اپنے والد گرامی یعنی امام محمد باقر سے روایت نقل فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور پھر اس نے مجھ پر درود نہ پڑھا وہ جنت کے راستہ سے بے راہ کر دیا گیا۔

حضرت ابوہریرہ رضی فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ جو کوئی مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا ۔ وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

# ثواب

مدینہ منورہ (سعودی عرب) میں عالم اسلام کا ایک سب سے بڑا پہاڑ ہے جس کو احد کہتے ہیں ۔ یہ بہت ہی بڑا پہاڑ ہے۔ رسول اکرم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا جائے تو وہ مجھ پر درود پڑھتا ہے تو اس شخص کیلئے ایک قیراط برابر ثواب لکھ دیا جاتا ہے ۔ اور قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے۔

# سزا

حضرت عبداللہ بن جراد رضی کی روایت ہے جو کنز العمال میں درج ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام نے عرش الٰہی کی جانب سے بلند آواز سے مجھ سے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ رب العزت آپ سے فرماتے ہیں کہ جس شخص کے سامنے آپ کا ذکر کیا جائے اور پھر آپ پر درود نہ پڑھے تو وہ شخص دوزخ میں داخل ہوگا۔

Marfat.com

# جزا

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا تو اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے ستر مرتبہ اس پر رحمت نازل کرتے ہیں۔ (کنز العمال)

# زحمت

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آقائے نامدار رسول مقبول منبر پر چڑھے اور تین مرتبہ "آمین" فرمایا پھر فرمایا کہ میرے پاس جبریل امین آئے اور آکر فرمایا کہ جس شخص کے سامنے آپ کا ذکر کیا جائے اور پھر وہ آپ پر درود نہ بھیجے تو اللہ تعالےٰ اسے اپنی رحمت سے دور کرے اور ذلیل کرے (طبرانی)

# رحمت

ایک مرتبہ سرورِ کونین سردارِ دو عالم شافعی المحشر

Marfat.com

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص دن میں مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا۔ تو جنت کی بشارت ملنے سے قبل نہیں مرے گا۔ (کنز العمال بن انس رضؓ)

## مسجد

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو۔ تو نبی کریم پر درود بھیجے۔ اسکے بعد اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ کہے۔

جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے اور درود پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ (ابن ماجہ)

## گھر

عمر بن دینار رضؓ فرماتے ہیں کہ جب گھر میں کوئی جائے اور وہاں کوئی موجود نہ ہو تو یوں کہے اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ

Marfat.com

الصّالحین ۔ یعنی نبی کریم پر درود و سلام بھیجے (ق ۔ درس ۲۲)

میرے آقا کا عشق دین و دنیا کے عشق سے بالا ہے
یہ رشتہ دین و دنیا کے قانون سے بہت بالا ہے
کیا بتاؤں جنوں ہے دل و دماغ پر احمد کے عشق کا رات دن
ہر چیز پر نظر ڈالتا ہوں تو سبز گنبد نظر آتا ہے اوّل نظر پھر اور چیز ہے

# شفا کا وعدہ ۔ ایک درود

حضور سرورِ کونین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر کثرت سے درود شریف پڑھنے کے معنی ہیں قیامت کے دن شفاعت کی سند حاصل کرنا ۔ درود شریف کا خاص اور اصل فائدہ یہ ہے ۔ کسی قیدی یا مجرم کو اگر یہ معلوم ہو جاتے کہ حاکم کے یہاں فلاں شخص کا اثر ہے اور اس کی سفارش حاکم کے یہاں بڑی کام کی ہوتی ہے ۔ تو اس کی سفارش حاصل کرنے کے لئے کتنی دوڑ دھوپ اور مشقت اٹھانی پڑتی ہے ۔ ہم میں سے کون ہے جو بڑے سے بڑے گناہ کا مجرم نہیں ؟ اب آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

جیسا سفارشی اگر مل جاتے تو کتنے خوش ترین ہیں ہم۔ حضور جیسا سفارشی جو اللہ تعالیٰ کا حبیب۔ سارے رسولوں کا اور تمام انبیاء کا سردار کسی آسان چیز پر اپنی سفارش کا وعدہ اور وعدہ بھی ایسا مؤکدہ کہ فرماتے ہیں کہ مجھ پر (سفارش) واجب ہے۔

اب بھی اگر کوئی شخص درود شریف جیسا آسان عمل کر کے شفاعت حاصل کرے تو شاید وہ پیدا ہی دوزخ کی آگ میں جلنے کے لئے ہوا ہے۔

حضرت حسن بصریؒ اپنے درود شریف میں پڑھتے تھے۔

وَاجْزِهِ عَنَّا خَيْرَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ

(اے اللہ حضور کو ہماری طرف سے اتنا بہتر بدلہ عطا فرما جتنا کسی نبی کو اس امت کی طرف سے آپ نے عطا فرمایا۔)

حدیث شریف میں نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص سات جمعوں تک ہر جمعہ کو سات مرتبہ اس درود شریف کو پڑھے۔ اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ

Marfat.com

صَلوٰۃً تَکُوْنَ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَاءً
وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ
وَعَدْتَّہٗ وَاَجْزِہٖ عَنَّا مِنْ اَفْضَلِ مَا جَزَیْتَ
نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ
النَّبِیِّیْنَ وَالصَّالِحِیْنَ یَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِیْن

یا اللہ　　　یا اللہ

یا اللہ

اللہ ہم سب کو توفیق عطا فرمائے کہ ہم اپنے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر حد سے زیادہ درود کی کثرت کر کے آپ کا پیار اور شفاعت حاصل کریں جس کا ہم سے وعدہ ہو چکا ہے۔ اور ہر ایک کو امید ہے۔

# درود شریف کے متعلق چہل حدیث

۱۔ جب چاہے کہ اس کے اعمال بہت بڑے ترازو میں

Marfat.com

تلیں اس کو چاہیئے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرے۔

۲۔ مجھ پر درود بھیجنا قیامت کے دن پُل صراط کے اندھیرے میں نور ہے۔

۳۔ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ اس لئے کہ قبر میں ابتداءً تم سے میرے بارے میں سوال کیا جاتے گا۔

۴۔ قیامت کے دن اس کے خطرات سے زیادہ سے زیادہ محفوظ دنیا میں درود پڑھنے والا ہو گا۔

۵۔ کثرت سے درود پڑھنے والا قیامت کے دن مجھ سے زیادہ قریب ہو گا۔

۶۔ جس کے سامنے میرا تذکرہ آوے، اُس کو چاہیئے کہ مجھ پر درود بھیجے۔

۷۔ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا، اللہ اس پر دس دفعہ درود بھیجے گا۔ اس کی دس خطائیں معاف اور دس درجے بلند کرے گا۔

۸۔ جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجے گا وہ عرش کے سایہ میں ہو گا۔

۹۔ مجھ پر درود شریف پڑھنا قیامت میں نور ہے۔

Marfat.com

۱۰- جو شخص مجھ پر درود کسی کتاب میں بھیجے (لکھے) ہمیشہ فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔ جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا۔

۱۱- جو شخص صبح کو دس بار درود بھیجے اور شام کو دس بار قیامت کے دن اس کے لئے میری شفاعت ہو گی۔

۱۲- جو کوئی مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے اس کی سو حاجتیں پوری ہونگی۔

۱۳- تم جہاں کہیں ہو مجھ پر درود پڑھتے رہو۔ بے شک تمہارا درود مجھ پر پہنچتا رہتا ہے۔

۱۴- مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھنا ایسا ہے۔ جیسے راہ خدا میں ایک غلام آزاد کیا۔

۱۵- مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کہ تمہارے لئے موجب پاکی ہے۔

۱۶- جب کسی کو مشکل پیش آئے۔ اس کو چاہیئے کہ مجھ پر درود کی کثرت کرے۔

۱۷- مجھ پر زیادہ درود بھیجو۔ اس لئے کہ تمہارے لئے فلاح کا ذریعہ ہے

۱۸- جب کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر درود پڑھو، انشاء اللہ یاد آجائے گی

Marfat.com

۱۹۔ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھو، کیونکہ جمعہ کو تمہارا درود مجھ پر پیش ہوتا ہے۔

۲۰۔ جو کوئی مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ وہ مجھ تک پہنچ جاتا ہے اور اس کے بدلہ میں اس پر درود بھیجتا ہوں۔

۲۱۔ جو شخص میرے اوپر قبر کے قریب درود بھیجتا ہے۔ میں اسکو خود سنتا ہوں۔

۲۲۔ مجھ پر درود بھیجا کرو۔ اس لئے کہ تمہارے لئے زکوٰۃ کے حکم میں ہے یعنی صدقہ ہے۔

۲۳۔ مجھ پر تمہارا درود بھیجنا تمہارے لئے دعاؤں کو محفوظ کرنے والا ہے۔

۲۴۔ مجھ پر درود بھیجنا تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے۔

۲۵۔ مجھ پر درود بھیجا کرو۔ اس لئے کہ تمہارے لئے گناہوں کا کفارہ ہے۔

۲۶۔ اوّل اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرو۔ پھر مجھ پر درود بھیجو۔ اور پھر دعا مانگو۔ نیز دعا کے اول و آخر میں درود کا پڑھنا مستحب ہے۔

۲۷۔ جب تک کوئی مجھ پر درود بھیجتا رہے۔ فرشتے اس آدمی پر درود پڑھتے رہیں گے۔

Marfat.com

۲۸۔ جو شخص مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو قیامت کے دن شہدا کے ساتھ مقام عطا فرمائیگا۔

۲۹۔ جو کوئی ایک درود پڑھتا ہے۔ اللہ اس کی دس خطائیں معاف کرتا ہے۔ دس درجے بلند کرتا ہے اور دس نیکیاں لکھتا ہے

۳۰۔ جو کوئی مجھ پر درود پڑھتا ہے۔ میں اس کے لئے دعا کرتا ہوں۔

۳۱۔ جو مجھ پر ایک ہزار مرتبہ درود پڑھے گا۔ تو تاوقتیکہ وہ جنت میں اپنا مقام نہ دیکھ لے گا۔ اس وقت تک انتقال نہیں کرے گا۔

۳۲۔ جو مجھ پر درود پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اس دن اور رات کے اندر کے گناہ معاف کردے۔

۳۳۔ جو مجھ پر درود پڑھتا ہے۔ اس کے لئے ایک قیراط کے برابر ثواب لکھ دیا جاتا ہے اور قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے۔

۳۴۔ تم مجھ پر اپنے اسماء اور علامتوں کے ساتھ پیش کئے جاؤگے۔ لہٰذا مجھ پر خوب اچھی طرح درود پڑھا کرو۔

۳۵۔ جس کے لئے یہ خوشی کا باعث ہو روزِ قیامت

Marfat.com

اللہ تبارک و تعالیٰ سے خوشی کے ساتھ ملاقات کرے
تو وہ مجھ پر بکثرت درُود پڑھے۔

۳۶۔ فرائض کو پوری طرح ادا کرو۔ یہ بیسؔ مرتبہ جہاد سے افضل ہے۔ اور مجھ پر درود پڑھنا ان تمام امور کے برابر ہے۔

۳۷۔ جمعہ کے دِن جس نے مجھ پر درود پڑھا۔ تو وہ قیامت کے روز اس حال میں آئے گا۔ کہ اس کے ساتھ عظیم الشان نُور ہوگا۔ جو تمام مخلوق میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ انہیں کفایت دی جائیگی۔

۳۸۔ جس شخص نے مجھ پر جمُعہ کے دن سَوؔ مرتبہ درُود پڑھا۔ تو دو سَوؔ سال کے گناہ (اتنے برابر) معاف کر دیئے جائیں گے۔

۳۹۔ جس شخص کے سامنے میرا ذکر آئے اور پھر اُس نے مجھ پر درُود نہ پڑھا تو وہ جنّت کے راستہ سے بے راہ کر دیا گیا۔

۴۰۔ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھنے اور اللہ کے ذکر اور رسُول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ پڑھنے سے پہلے منتشر ہو جائیں تو یہ انجام بد اور حسرت کا مقام ہے۔

۱۴۔ انسانوں میں سب سے بخیل آدمی جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور پھر وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

# ایک درود — ایک راز — ایک حقیقت —

حضرت ابو الفضل قومانیؒ فرماتے ہیں کہ ایک شخص خراسان سے میرے پاس آیا اور اُس نے بیان کیا کہ میں مدینہ منوّرہ میں تھا۔ کہ میں نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تو حضور پُرنور رسُول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم نے حکم فرمایا کہ جب تو ہمدان جائے تو ابو الفضل بن زیرک قومانی کو میری طرف سے سلام کہہ دینا۔ میں نے عرض کیا یا رسُول اللہ یہ کیا بات ہے۔ جو یہ اعزاز اِس کو مِل رہا ہے؟ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابو الفضل قومانی مجھ پر روزانہ

Marfat.com

سنو مرتبہ یا اس سے بھی زیادہ یہ درود پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَی اللّٰہُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ۔

(اللہ محمد صلعم نبی امی اور اس کے آل اولاد کو جزا دے جس کے وہ مُستحق ہیں)۔

حضرت ابوالفضل قومانی رح فرماتے ہیں کہ اِس شخص نے قسم کھائی کہ وہ مجھے یا میرے نام کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب میں بتانے سے پہلے بالکل نہیں جانتا تھا۔ میں نے اِس شخص کو کچھ گیہوں دینا چاہا۔ مگر اس نے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام بیچتا نہیں۔

ابوالفضل رح فرماتے ہیں کہ وہ چلا گیا۔ اس کے بعد میں نے اس کو پھر کبھی نہیں دیکھا۔

(ایسے کئی واقعات اس وقت بھی موجود ہیں کہ حضور پُر نور حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم درود شریف پڑھنے والوں کو زیارت سے باریاب فرماتے ہیں)۔

ذخیرہ

Marfat.com

# دعا

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یاالٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیٔ دیدارِ حسنِ مصطفےٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جود و عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی گرمیٔ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوشِ خلق ستارِ خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حسابِ جرم میں
ان تبسم ریز ہونٹوں کی دعا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب حسابِ خندۂ بیجا رلائے
چشمِ گریانِ شفیعِ مرتجےٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی رنگ لائیں جب مری بے باکیاں
ان کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب چلوں تاریک راہِ پل صراط
آفتابِ ہاشمی نور الہدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
ربِّ سلّم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب رضاؔ خوابِ گراں سے سر اٹھائے
دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ ہو

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

ن-و-166

صلی اللہ علی حبیبہ
محمد وآلہ وسلم



فضائل
درود شریف پر
مشتمل
ایک نایاب
کتاب

# خزانۂ آخرت

پیش کردہ: چوہدری برکت علی

دارالعلوم احسنیہ رضویہ محمد پورہ فیصل آباد

ن-و 166
ذخیرہ

Marfat.com